Whatsaap Group:FM YOUR CHOICE

Masood
Since 1962
First Name in Halal Homoeopathy!

سورۃ التحریم

اے نبی آپ کیوں قسمیں کھاتے ہیں جو اللہ نے آپ کے لیے حلال کیا ہے آپ اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اللہ بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

سورۃ التحریم 66 آیت نمبر 01

روزنامہ ایکسپریس شکھر
DAILY EXPRESS
FRIDAY, NOVEMBER 1, 2019
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 13 نمبر 335 | جمعۃ المبارک، 3 ربیع الاول 1441ھ، یکم نومبر 2019ء، صفحات 12 قیمت 20 روپے

فضل الرحمان

آزادی مارچ اسلام آباد پہنچ گیا جلسہ آج ہوگا
استعفیٰ لڑ کر لینا ہے دو تین دن بیٹھ کر مہلت دینگے پھر فیصلہ عوام کرینگے

آخری مسکن ڈی چوک ہوگا یا شاہراہ دستور، عوام بتائیں گے، فیصلہ میرے اختیار سے نکل گیا، جلسہ بھی اور دھرنا بھی ہوگا: سربراہ جے یو آئی، ہم تحریک انجام تک پہنچاتے ہیں: اسفندیار ولی

لاہور، گوجرخان، اسلام آباد (نمائندہ ایکسپریس، پشاور کنٹونمنٹ بورڈ، پریس ریلیز، رپورٹ) آزادی مارچ اسلام آباد پہنچ گیا، اپوزیشن قائدین آج جلسے سے خطاب کریں گے، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مارچ بھی ہوگا، جلسہ بھی ہوگا اور دھرنا بھی ہوگا۔ ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا اگر حکومت رخصت نہ ہوئی تو پھر ملک میں افراتفری ہوگی، یہ نہیں کہ ہم ہار کر گھر چلے جائیں گے، ہم نے اتنی طویل اس سے استعفیٰ لینا ہے اور لے کر لینا ہے آرام سے نہیں لینا لیکن ہم تھکنے والے نہیں ہیں ہمیں ان کو دو تین روز اسلام آباد میں بیٹھ کر بھی مہلت دینی چاہئے۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

پشاور ہائیکورٹ: رہنما جے یو آئی مفتی کفایت اللہ کی ضمانت منظور

پری پور (نمائندہ ایکسپریس) پشاور ہائیکورٹ ایبٹ آباد بنچ نے رہنما (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

اقوام متحدہ میں مستقل مندوب منیر اکرم کی تعیناتی سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج

کراچی (کورٹ رپورٹر) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندہ منیر اکرم (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

کرتارپور خیر سگالی کا پیغام، بھارت میں اقلیتیں محفوظ نہیں: قریشی

لاہور (سیاسی رپورٹر، نامہ نگار) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

مریم نواز کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ، پیر کو سنایا جائیگا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے مسلم لیگ ن کی نائب صدر (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

رحیم یار خان سلنڈر پھٹنے سے تیزگام ایکسپریس میں ہولناک آتشزدگی 73 مسافر جاں بحق 60 زخمی

علی الصبح سوا چھ بجے تبلیغی اجتماع میں شرکت کیلئے جانیوالے مسافروں نے ناشتہ بنانے کیلئے سلنڈر جلایا، لیک ہونے پر دھماکے سے پھٹ گیا، آگ نے تین بوگیوں کو لپیٹ میں لے لیا، لوگ چلتی ٹرین سے چھلانگیں لگاتے رہے، 53 لاشیں ناقابل شناخت

آرمی نے ایئر لفٹ سے 9 شدید زخمیوں کو سی ایم ایچ ملتان، 11 شیخ زید ہسپتال پہنچایا، 20 دیگر ہسپتالوں میں منتقل، جاں بحق ہونیوالوں کی اکثریت کا تعلق میر پور خاص، حیدرآباد، کراچی سے ہے، تحقیقات شروع، نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج

رحیم یار خان، ملتان، لیاقت پور، صادق آباد، احمد پور، چنی گوٹھ، لاہور (کرائم رپورٹر، نمائندہ خصوصی، رپورٹر، نمائندگان ایکسپریس، اپنے نمائندے سے) کراچی سے پشاور جانیوالی تیزگام ایکسپریس میں گیس سلنڈر پھٹنے کے باعث بھڑکنے والی آتشزدگی سے 73 مسافر جاں بحق، بیشتر بدنصیب زندہ جل گئے 60 سے زائد زخمی ٹرین کی 3 بوگیاں جل کر خاکستر ہوگئیں، لوگ اپنی جانیں بچانے کیلئے چلتی ٹرین سے چھلانگیں لگاتے رہے، 53 لاشیں ناقابل شناخت ہوگئیں، زخمی ہونے والے مسافروں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کردیا گیا، ٹرینوں کی آمدورفت گھنٹوں معطل رہی، معلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تحصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

رحیم یار خان: لیاقت پور کے قریب کراچی سے راولپنڈی جانے والی تیزگام ٹرین کی بوگیوں میں سے آگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں

رہبر کمیٹی سے رابطہ ہے، فضل الرحمان سے نہیں کرینگے: پرویز خٹک

حکومت ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کو تیار ہے، خلاف ورزی کرنے والے خود ذمہ دار ہونگے

اسلام آباد (رحمان اخگر سے) سینیٹر شبلی نما کرنل (ر) اعجاز چوہدری، رہبر کمیٹی سے ان کا رابطہ ہے، وہ ذاتی طور پر کمیٹی کے سربراہ وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن سے ملاقات (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

نواز شریف کا نام ای سی ایل میں نہیں، وزیر داخلہ

وزیراعظم کے استعفیٰ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، فضل الرحمان نے معاملات سے آگاہ نہیں کیا

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی، کورٹ رپورٹر، وقائع نگار) وزیر داخلہ اعجاز شاہ نے سابق وزیراعظم نواز شریف کا نام ای سی ایل میں نہ ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا نام جب ای سی ایل لسٹ میں (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

پٹرول، ڈیزل ایک روپیہ لٹر مہنگا، مٹی کا تیل سستا

پٹرول کی قیمت 114.24 روپے، ہائی اسپیڈ ڈیزل 127.41 روپے لیٹر ہوگئی

اسلام آباد (ارشاد انصاری سے) حکومت نے نومبر کیلئے پٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں ایک روپے فی لیٹر تک اضافہ جبکہ لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کے تیل کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

وزیراعظم کا شیخ رشید کو فون، تحقیقاتی رپورٹ جلد پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (اپنے نامہ نگار سے) وزیراعظم عمران خان نے وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید کو ٹیلی فون کرکے تیزگام ٹرین (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

ن لیگ کے جلسہ منسوخ ہونے کے بیان نے ابہام پیدا کردیا

اسلام آباد (لیڈز انکلیبیاں) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب کے آزادی مارچ کا جلسہ منسوخ ہونے کے بیان نے (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

اتوار کو ہفتہ ہے مسافر ٹرین پر چڑھ لیجانے میں کامیاب ہوگئے، شیخ رشید

لاہور، رحیم یار خان، لیاقت پور (اپنے نامہ نگار سے، نمائندگان ایکسپریس) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

ٹرین حادثہ میں جاں بحق 9 افراد کی شناخت، لاشیں ورثا کے حوالے

لیاقت پور، رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی، نمائندہ ایکسپریس) تیزگام ٹرین آتشزدگی میں شناخت ہو جانے والے (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

تیزگام ایکسپریس میں ہلاکتوں پر مراد علی شاہ کا اظہار افسوس

کراچی (نامہ نگار) وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے کراچی سے راولپنڈی جانے والی تیزگام ایکسپریس میں آگ لگنے کے (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

پاکستان کی IMF سے ٹیکس ہدف 3 کھرب روپے کم کرنے کی درخواست

اسلام آباد (رپورٹ: شہباز رانا) پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے ٹیکس محصولات کا ہدف 3000 ارب (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

نواز شریف کا بلڈ پریشر، بلڈ شوگر بدستور زیادہ، پلیٹ لیٹس 55 ہزار

لاہور (اپنے نامہ نگار سے، پریس ریلیز) سروسز اسپتال میں زیر علاج مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کا میڈیکل (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

عاصمہ گروپ کے سید قلب حسن سپریم کورٹ بار کے صدر منتخب

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر، پریس ریلیز) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے فیصلہ کن (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

بے نامی جائیداد اور نیب ترمیمی قانون سمیت 8 آرڈیننس جاری

5 کروڑ بدعنوانی کے ملزم کو سی کلاس، بے نامی جائیداد کے اطلاع دہندہ کو 20 ملے گا

اسلام آباد (ثاقب ورک) صدر مملکت عارف علوی نے (نامہ نگار) آرڈیننس پر صدر مملکت عارف علوی نے دستخط کردیے۔ وفاقی کابینہ کی منظوری (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

مقبوضہ کشمیر، لداخ تقسیم، پاکستان، چین، کشمیریوں نے مسترد کردیا

بھارت فوجیں ہٹائے، پاکستان، خودمختاری چیلنج نہ کرے، چین، حکم نہیں رکھ سکتے، حریت رہنما

سری نگر (مانیٹرنگ ڈیسک، بیورو رپورٹ، نامہ نگار) مقبوضہ وادی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ (باقی صفحہ 5 نمبر 18) اسلام آباد (خالد محمود) پاکستان نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی تقسیم کو مسترد کردیا۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

چیئرمین نیب کا محکمہ صحت سندھ کے فنڈز کی انکوائری کا حکم

نیب میں بدعنوانی کی کیسز انویسٹی گیشن افسر موجود ہیں، کمشنر نیب میں اجلاس سے خطاب

کمشنر، اسلام آباد (کرائم رپورٹر، وقائع نگار خصوصی) چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے محکمہ صحت سندھ کو ملنے والے تمام فنڈز کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی کے (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

DHA
QUETTA
YOUR HOPE IS OUR VISION

DEFENCE HOUSING AUTHORITY QUETTA

SMART CITY, PHASE-I
BALLOT 2019

DHA Quetta is an ideally designed project, committed to providing outstanding residential and commercial services. It offers a decent quality of life, a clean and sustainable environment through application of smart solutions. DHA Quetta is all about making Quetta a better place to live, contributing towards 'KHUSHAL BALOCHISTAN' programme.

Residential | Commercial | Farmhouses

Realise Your Dreams
APPLY NOW

CONTACT US
UAN: +92-81-111-111-400 Phone: +92-81-2864446-7 Email: info@dhaquetta.org
Website: www.dhaquetta.org /dhaquetta

DHA Quetta, Main Office, Airport Road, Quetta.

ذرا سی محنت بنائے
خوابوں کو حقیقت

زندگی خوشیوں اور خوشگوار لمحات کے سفر کا نام ہے۔ آدمجی لائف کے ساتھ آج ہی اپنے خاندان کے روشن مستقبل کیلئے ایک درست فیصلہ کریں۔
آدمجی لائف اشورنس کے پلانز کی وسیع رینج میں سے اپنی مرضی کے مطابق ایجوکیشن، سیونگز، ویڈنگ اور ریٹائرمنٹ پلانز کا انتخاب کریں۔

(021) 111-11-5433 www.adamjeelife.com
adamjeelife

گروپ میں شامل ھونے کے لیئے مندرج ذیل طریقہ کار ہے

ایف ایم واٹس ایپ گروپ

ھمارے دو قسم کے گروپ ہیں

(1) ایف ایم یوئر چوائس گروپ

اس گروپ میں آپ کو روزانہ نیوز پیپرز ھیڈلائینز
ٹالک شوز ڈرامہ لرننگ بکس ویڈیوز ملینگے انشااللہ

اس گروپ کی ھر ماہ فیس ہے صرف 30 روپے

ایڈمن امان اللہ کھوسہ بلوچ 03053028815#03082969945

(2) ایف ایم اسپیشل فرمائشی گروپ

ایک فرمائش روزانہ فری

ایک دھماکے دار آفر ایک فرمائش روزانہ آپکی اس گروپ میں پوری کرینگے ڈرامہ سونگ مولود شریف یا کچھ اور جو آپکا دل کرے فرمائش اخلاق اسلام۔کے دائرے میں ھو فرمائش کرنے کا طریقہ کار گروپ میں شامل ھونے کی بعد گروپ پروفائل ملاحظہ فرمائیں اس پر عمل کرنہ ضروری ہے

اس گروپ کی فیس ہے صرف 100 ماہانہ

اس کے علاوھ روزانہ نیوز پیپرز ھیڈلائینز ٹی وی ٹالک شوز ڈرامہ لرننگ بکس ویڈیوز اور بھت کچھ

ایک دھماکے دار آفر

ے آفر آپکو صرف اور صرف ایم ٹیم دے رہی ہے

اخبارات ھیڈلائینز ایک عام گروپ سے بھی آپکو ملینگے لیکن آپکی فرمائش کوئی گروپ ایڈمن پوری نہیں کریگا صرف الیف ایم ٹیم کے علاوہ ایک بار آکر تو دیکھ اس گروپ میں

فیس جمع کروانے کا طریقہ

موبیکیش اکونٹ نمبر 03082969945 اور ایزی پیسہ اکاونٹ نمبر 03053028815 ان دونوں نمبرز کے علاوھ کسی نمبر پر فیس مت سینڈ کریں۔ نوٹ جیسے فیس سینڈ کریں ان دونوں نمبرز پر ٹرانزیکشن آئے ڈی کمپنی والا واٹس ایپ کرنہ مت بھولیں تاکے ھم آپکو بروقت گروپ میں شامل کر سکیں بیلنس یا لوڈ کروانہ بلکل منع ہے اسکو گروپ میں شامل نہیں کرینگے 30 روپے والے ممبرز تین ماھ کی فیس 90روپے ساتھ شئر کرسکتے ہیں مزید شرط شرائط کے لیئے انبوکس میں بتائینگے انشااللہ

CITY/SURROUNDING سٹی/گردونواح

سکھر، ڈپٹی میر منیب جنس (ر) جاوید اقبال سکھریب کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

لاڑکانہ: ٹریفک کے مسائل سنگین، جدید ٹریفک سگنلز 6 ماہ سے غیر فعال

زون ون میں 62 اہلکار، زون ٹو میں 65 جبکہ زون تھری اور فور رتودیرو، نودیرو، ڈوکری، باقرانی اور باڈو پر مشتمل ہیں

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) آٹھ لاکھ آبادی والے سندھ کے چوتھے بڑے شہر لاڑکانہ میں ٹریفک کے مسائل دن بہ دن سنگین ہوتے جارہے ہیں، انتظامی معاملات میں غفلت کے باعث روز بروز بڑھتی بگاڑ سے جہاں شہر کے مختلف شاہراہوں پر نصب جدید ٹریفک سگنلز خستہ حالی کا شکار ہونے کے باعث گزشتہ چھ ماہ سے غیر فعال پڑے ہیں، لاڑکانہ ضلع کو چار ٹریفک زونز میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں زون ون میں 62 اہلکار، زون ٹو میں 65 جبکہ زون تھری اور فور رتودیرو، نودیرو، ڈوکری، باقرانی اور باڈو پر مشتمل ہیں جہاں مجموعی طور پر 24 ٹریفک پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، مذکورہ ٹریفک اہلکاران اہلکاروں کی ڈیوٹیاں آٹھ سے دس گھنٹے کی ہیں تاہم انہیں مختلف شفٹوں میں بریک اور سہولیات دینے کے صاف پانی کی کوئی

جوہی: زرعی پانی چوری کرنے کی شکایت پر آباد گاروں کا آبپاشی عملے پر جھانی برادری کا حملہ

جوہی (نمائندہ ایکسپریس) جوہی کے حصے کا زرعی پانی چوری کرنے کی شکایت پر جوہی بدراج پر مقامی آباد گاروں آبپاشی عملے پر ایم این اے رفیق جمالی کے قریبی جھانی برادری کا حملہ، ڈپٹی ڈائریکٹر سکھر کا ذمی آبپاشی عملہ محمد اکبر مہر زخمی آبپاشی عملے کا پھول لیس لگا سکتا اور نہ ہی ایس ڈی او یا سارجنٹ تعینات کیا جاسکتا ہے تاہم افسران کی فی بگھت سے خلاف قانون ٹریفک سارجنٹ اہلکار تعینات کیے گئے ہیں جنہیں ماضی میں کرپشن اور فرائض میں غفلت کے باعث ملازمت سے برطرف بھی کیا گیا اور سابق ڈی آئی جی جاوید اکبر ریاض نے 16 اکتوبر 2018 میں انہیں معطل کرتے

عالم علم کا قتل، انصاف کے لیے جھتیال برادری کا مظاہرہ

کوٹری (نامہ نگار) مول سوسائٹی اور جھتیال برادری کی جانب سے قاسم آباد میں عالم علم مین جھتیال کے قتل کے واقعے اور انصاف کے لیے کوٹری میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، ریلی انٹرچینج چوک سے پریس کلب تک نکالی گئی جس میں طلبا نے بینرز اٹھا رکھے تھے، مظاہرین خادم حسین جھتیال، دیدار شام، اعجاز جھتیال، عبدالقیوم راہو اور جاوید جھتیال، راہو جھتیال سمیت دیگر نے کہا کہ قاسم آباد میں عالم علم کو اغوا کے بعد قتل کیا گیا اور اڑل بوری میں بند کر کے پھینکی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس مقابلے کی اصل حقیقت عوام کے سامنے لائے، واقعے میں ملوث افراد کو اب تک گرفتار نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے ہا ہی پھیلی ہوئی ہے، اہل سکھر نوٹس لیں۔

جامعہ سندھ، پری انٹری ٹیسٹ 2 نومبر کو ہوں گے، اعلامیہ

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) جامعہ سندھ جام شورو اور اس کے تمام کیمپس میں بیچلر ڈگری پروگرام 2020 میں ایڈمیشن کیلئے پری انٹری ٹیسٹ 2 نومبر کو منعقد ہوگا جس کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں، انٹری ٹیسٹ والے دن علامہ آئی آئی قاضی مین کیمپس جامشورو میں تکمیلی امیدواروں کے ساتھ آنے والی خواتین کے بیٹھنے کے لیے سندھ یونیورسٹی کالونی میں قائم سید پیر علی شاہ لال اسکول میں جبکہ مرد حضرات کے لیے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کنونشن سینٹر میں انتظامات کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ جامعہ سندھ کے تمام کیمپس لاڑکانہ، دادو، خیرپور خاص، لاڑکیمپس بدین اور شہید بینظیر آباد کیمپس میں بھی بیچلر پروگرامز میں داخلے کے لیے انٹری ٹیسٹ اسی دن اور وقت پر منعقد ہوگا، جس کی مکمل تفصیل کیمپس کے پروسپکٹس فون کال پر منگوا سکتے ہیں۔

خیرپور: ہالار خان وسان کا ٹرین کی آتشزدگی کے واقع میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور غم کا اظہار

خیرپور (نمائندہ ایکسپریس) سابق صوبائی وزیر مظہر وسان کے صاحبزادے و پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء ہالار خان وسان نے رحیم یار خان میں چلتی گاڑی کے قریب تیزگام ایکسپریس ریلوے میں آتشزدگی کے واقع میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تیزگام میں آگ لگنے کے نتیجے انسانی جانوں کا ضیاع قومی سانحہ ہے مشکل کی اس گھڑی میں جہاں بچ جانے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں وہیں زخمیوں کی جلد صحت یابی اور جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہیں۔

زرعی یونیورسٹی، ملازمین کی مطالبات کے حق میں ریلی

ٹنڈو جام (نامہ نگار) سندھ زرعی یونیورسٹی ٹنڈو جام کے ملازمین نے مطالبات کے حل کے لیے پیر سے روز بھی ریلی نکالی اور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور نعرے بازی کی۔ اس موقع پر ملازم یونین کے صدر جمیل احمد سومرو، سیکریٹری جنرل محمد علی شاہ اور عبدالحق نے کہا کہ ملازمین کے سازھے 7 فیصد انکریمنٹ نہیں دیا جارہا ہے، یونیورسٹی انتظامیہ نے 15 اکتوبر تک مسائل کے حل کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی انتظامیہ مسائل کے حل میں سنجیدہ نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ ملازمین کے جائز مطالبات حل کیے جائیں بصورت دیگر احتجاج جاری رہے گا۔ دوسری جانب یونیورسٹی انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے بیجر کی بھاری نفری کو طلب کرلی تھی۔

ماہ ربیع الاول کی آمد کی خوشی میں دعوت اسلامی کی جانب سے ریلی نکالی گئی

مورو (نمائندہ ایکسپریس) ماہ ربیع الاول کی آمد کی خوشی میں دعوت اسلامی کی جانب سے ریلی نکالی گئی جس میں عاشقان رسولؐ بڑی تعداد نے شرکت کی شرکاء کے ہاتھوں میں سبز پرچم تھے اور آقا کی آمد مرحبا مرحبا کے نعرے تھے، ریلی فیضان مدینہ مدنی مسجد سے ہوتی ہوئی مین چوک پر پہنچی قبل ازیں عطاری، عمران عطاری و دیگر کررہے تھے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے راشد اس نے کہا کہ ہمارے پیارے نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰؐ کی آمد کا یہ مہینہ ہم مسلمانوں کے لئے خوشی سے کم نہیں ہے، 12 ربیع الاول کو جلوس ریلی نکالی جائے گی جس میں ہر مکتب فکر کے افراد شرکت کریں گے۔

میرپورخاص، شہدا 31 اکتوبر کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

1986 میں سینکڑوں مہاجر تو جوان، بزرگ، خواتین، بچوں کو شہید کیا گیا، ظفر کمالی

میرپورخاص (پ ر) ایم کیو ایم پاکستان میرپورخاص ڈسٹرکٹ کے تحت سانحہ 31 اکتوبر 1986 کراچی و حیدرآباد کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے میرپورخاص ڈسٹرکٹ آفس میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انعقاد ہوا، جس میں رکن رابطہ کمیٹی و انچارج کھارادر ڈسٹرکٹ کیمل ڈاکٹر ظفر کمالی، راکین کھارادر ڈسٹرکٹ کیمل محمد علی شاہ اور عبدالحد نے کیا کہ ڈاکٹر عارف ایم کیو ایم مخالف انتہا پسندوں نے کو جوڑ کر کے 31 اکتوبر 1986 کو تاریخی جلسہ عام میں شرکت کیلئے حیدرآباد جانے والے قافلوں پر سہراب گوٹھ و مارکیٹ چوک پاپا ہوٹل حادثہ قائم کیا اور بسوں، کوچز و ٹرک، اندرون و بیرون ملک سے آنے والے مہاجر تو جوان، بزرگ، خواتین اور بچوں کو بیدردی سے شہید کردیا لیکن ان کی یاد جاوداں ہے ساتھ ہی کھارادر کے ذمے داران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر تحریکی شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، بعد ازاں سانحہ 31 اکتوبر کے شہدا سمیت تمام تحریکی شہدا کی مغفرت و بلندی درجات اور خواتین کے لیے صبر جمیل پر مشتمل فاتحہ خوانی کا اہتمام و خواتین کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ قبل ازیں ڈاکٹر ظفر کمالی، محمد علی شاہ اور عبدالحد نے کیک کاٹا، بانی ایم کیو ایم کے یوم پیدائش کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔

میرپورخاص: شہدا 31 اکتوبر کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

1986 میں سینکڑوں مہاجر تو جوان، بزرگ، خواتین، بچوں کو شہید کیا گیا، ظفر کمالی

میرپورخاص (پ ر) ایم کیو ایم پاکستان میرپورخاص ڈسٹرکٹ کے تحت سانحہ 31 اکتوبر 1986 کراچی و حیدرآباد کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے میرپورخاص ڈسٹرکٹ آفس میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انعقاد ہوا، جس میں رکن رابطہ کمیٹی و انچارج کھارادر ڈسٹرکٹ کیمل ڈاکٹر ظفر کمالی، راکین کھارادر ڈسٹرکٹ کیمل ڈاکٹر عارف، انچارج کھارادر ڈسٹرکٹ کیمل محمد علی شاہ اور عبدالحد نے کیک کاٹا، بانی ایم کیو ایم کے یوم پیدائش کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ آفس میں ہی ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈاکٹر ظفر کمالی، محمد علی شاہ، عبدالحد سمیت تمام یونٹ و سیکٹر کے ذمے داران، کارکنان، یونٹ و سیکٹر آفس کے انچارج، ایریا کوآرڈینیٹر

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس کراچی
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
FRIDAY, NOVEMBER 1, 2019

بعض ممالک کو ترکی ہضم نہیں ہو رہا، فرانس دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، اردوان

شام میں فوجی آپریشن روکنے کی اصلی وجہ علاقے میں دہشت گرد ریاست کا قیام، اجازت نہیں دیں گے، ترک صدر، ترکی کیخلاف پابندیوں کا پیکج تیار کرلیا، امریکہ

انقرہ، ریاض (اے پی پی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا کہ فرانسیسی حکومت دہشت گرد تنظیموں کو مدد فراہم کرنے والی حکومت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی کے اضلاعی صدور سے پارٹی کے صدر دفتر ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ متعدد حلقے اور ممالک ترکی کی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکی جیسے جیسے ترقی کرتا جا رہا ہے اور اس کی آمدنی کے مواقع جیسے جیسے بڑھتے جا رہے ہیں ان عناصر اور ممالک کو یہ بات ہضم نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ شام میں فوجی آپریشن کو روکنے کی اصلی وجہ علاقے میں دہشت گرد ریاست کے قیام کی راہ ہموار کرنا ہے جس کی ترکی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ دریں اثنا امریکی وزیر خزانہ سٹیون منوچان نے متنبہ کیا ہے کہ ترسپ اتحاقاصب نے ترکی کے خلاف پابندیوں کا ایک پیکج تیار کر رکھا ہے۔ ضرورت پڑنے پر ان پابندیوں کا نفاذ کیا جا سکتا ہے۔ سعودی عرب میں ایک اکنفرنس سے خطاب کرتے ہوئے منوچان نے کہا کہ اگر بات چیت کامیاب نہ ہوئی تو امریکا ترکی پر مالی پابندیاں عائد کرے گا۔ امریکی وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ اب تک امریکا شام میں جنگ بندی سے مطمئن ہے۔ جبھی وہ ہے کہ ترکی کے خلاف نئی پابندیوں کی فہرست کو حتم نہیں کرتے جبکہ اسے برقرار رکھتے ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پر انہیں نافذ کیا جا سکے۔

لیاقت پور: جائے حادثہ پر فوجی ہیلی کاپٹر میں زخمیوں کو رحیم یار خان منتقل کیا جا رہا ہے، حیدرآباد میں جاں بحق ہونیوالوں کے نماز جنازہ پڑھے جا رہے ہیں

کاروباری برادری کو سہولتیں دینگے، گندم اور آٹے کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جائے، وزیراعظم

صنعتوں کے فروغ کیلئے اجلاس میں ٹیرف کے نظام میں بہتری لانے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، قیمتوں پر کنٹرول کیلئے صوبوں کے درمیان کوارڈینیشن بہتر بنانے کا حکم

صدر ورلڈ بینک کی بھی ملاقات، معیشت، شفافیت، گورننس، ادارہ جاتی اصلاحات اور ٹیکس ریفارمز پر بریفنگ، عید میلاد النبیؐ شایان شان طور پر منانے کیلئے تیاریوں کی ہدایت

اسلام آباد (اپنے نمائندہ سے) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک میں صنعت کو فروغ اور مواقع بڑھانے کیلئے کاروباری سرگرمیوں کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت ملک میں صنعت و تجارت کے فروغ خصوصاً درآمدات پر ٹیرف کی شرح، موجودہ ٹیرف کے صنعت اور برآمدات پر اثرات اور ٹیرف کے نظام میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد، مشیر ادارہ جات و ریونیو شیخ محمد اسد، چیئرمین ایف بی آر، وفاقی وزراء کے سیکرٹری صاحبان اور سینئر افسران موجود تھے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور مہنگائی پر قابو پانے کے حوالے سے اٹھائے جانے والے اقدامات پر بھی اجلاس ہوا۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

پنٹاگون: داعش سربراہ ابوبکر البغدادی کیخلاف کارروائی کی ویڈیو جاری

ویڈیو میں امریکی کمانڈوز البغدادی کے کمپاؤنڈ جانب بڑھ رہے ہیں، جنگجو ایک جگہ اکٹھے ہوتے ہیں اور حملہ کر دیا جاتا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک، خبر ایجنسیاں) امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے شام میں دولت اسلامیہ (داعش) کے سربراہ ابوبکر البغدادی کے خلاف کارروائی کی ویڈیو جاری کر دی ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ ہیڈکوارٹرز میں آپریشن کرتے ہوئے داعش کے سربراہ ابوبکر البغدادی، دو بیویوں اور تین بچوں سمیت متعدد دہشتگرد ہلاک کر دیا تھا۔ البغدادی نے اپنی پناہ گاہ کے لیے شمالی شام میں ایک الگ تھلگ رہائشی کمپاؤنڈ کا انتخاب کیا تھا۔ پینٹاگون نے اس کارروائی کے بعض مناظر پر مشتمل ویڈیو جاری کی ہے جن میں دیکھا جا سکتا ہے کہ امریکی کمانڈوز البغدادی کے کمپاؤنڈ کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ دوسری ویڈیو میں داعش کے جنگجو ایک جگہ اکٹھے ہوتے ہیں جنہیں ہیلی کاپٹر کے ذریعے فضائی حملے میں نشانہ بنایا جاتا ہے۔ امریکی سنٹرل کمانڈ کے کمانڈر جنرل کینتھ میکنزی نے بتایا کہ ابوبکر البغدادی نے آپریشن کے دوران خود کو بارودی جیکٹ کے دھماکے سے ہلاک کیا اور شامی ایجوکیٹنگ فورسز (ایس ڈی ایف) سے حاصل کردہ معلومات سے اس آپریشن میں مدد ملی۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

لاہور: سپریم کورٹ بار کے الیکشن کے دوران وکلا کا رش نظر آ رہا ہے

آسٹریلیا: فلسطینی طالبہ کے قاتل کو 36 برس قید کی سزا

ہیرمین نے طالبہ کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور نعش چھپانے کیلئے زندہ جلا دیا

ملبورن (آئی این پی) آسٹریلوی عدالت نے ایک فلسطینی طالبہ کو قتل کر دینے والے 21 سالہ آسٹریلوی نوجوان کو 36 سال کی جیل کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق ہیرمین نے رواں سال جنوری میں مذکورہ طالبہ کو زیادتی کا نشانہ بنایا جو کہ شہر ملبورن کی لبرلپ یونیورسٹی میں زیر تعلیم تھی۔ ہیرمین نے طالبہ کے سر پر ضرب لگائی جس کے نتیجے میں وہ اپنے ہوش کھو بیٹھی اور دم توڑ گئی بعد ازاں نوجوان نے اپنے جرم کو چھپانے کے لیے طالبہ کے جسم کو آگ لگا دی۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق اس دہرے جرم کے ارتکاب کے 4 روز بعد گرفتار ہونے پر ہیرمین نے اعتراف جرم کر لیا تھا۔ فلسطینی طالبہ کی موت سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے ہوئی تھی۔ فلسطینی طالبہ آیا ابراہی، رہائشی علاقے کے نزدیک ایلنسٹرک لائن سے اتر کر سڑک پر چل رہی تھی کہ اس دوران ہیرمین نے اس پر حملہ کر دیا اور پھر لاش کو وہاں چھوڑ دیا۔ بعد ازاں آیا کے والد سعید مصاورہ ابراہیمی کی لاش وصول کرنے کے لیے اسرائیل کے شہر مقرلی ہاتھ سے ملبورن پہنچے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیرمین نے جس وقت آیا پر حملہ کیا تو وہ موبائل پر اپنی بہن سے بات چیت کر رہی تھی، آیا کی بہن نے ہی پولیس سے رابطہ کیا جس کے اہل کاروں کو جائے واردات کے نزدیک آیا کی لاش مل گئی۔

ایران اور حزب اللہ سے منسلک 25 اداروں، شخصیات پر پابندی

پابندیاں لگانے والے گروپ میں امریکا، سعودیہ، بحرین، امارات، کویت، عمان اور قطر شامل

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور خلیجی ممالک کی چھ ریاستوں نے ایران اور اس کی ایرانی اتحادی جماعت اللہ سے منسلک 25 اداروں اور افراد پر پابندیاں عائد کر دیں۔ وزارت خزانہ واشنگٹن کی ایک بیان میں کہا گیا کہ خزانہ اور دہشت گردی فنانسنگ سینٹر کے ذریعہ یہ اب تک کی سب سے اہم مشترکہ پابندیاں ہیں۔ اس گروپ میں امریکا، سعودی عرب، بحرین، متحدہ عرب امارات، کویت، عمان اور قطر شامل ہیں۔ یہ گروپ مئی 2017ء میں قائم کیا گیا تھا۔ امریکی وزارت خزانہ نے کہا کہ ان اقدامات کے ذریعہ لبنان میں قائم دہشت گرد تنظیم حزب اللہ کے مالی معاون کمپنیوں اور افراد کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ امریکی وزیر خزانہ سٹیون منوچان نے کہا کہ ان پابندیوں کا مقصد حزب اللہ کی مالی معاونت کے ذرائع کو بند کرنا ہے۔ امریکی وزارت خزانہ کے مطابق حزب اللہ کو ایران سالانہ 700 ملین ڈالر کی امداد فراہم کرتا ہے۔

نیوزی لینڈ نے مساجد پر دہشتگردی پر بنائی ویڈیو گیم پر پابندی لگا دی

نیویارک (اے پی پی) نیوزی لینڈ نے اس سال کے اوائل میں کرائسٹ چرچ کی دو مساجد پر کیے گئے دہشت گرد حملوں پر بنائی گئی ایک ویڈیو گیم پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ویڈیو گیم دہشت گردی کی حمایت ظاہر کر رہی تھی۔ نیوزی لینڈ کے چیف سنسر ڈیوڈ شنکس نے بتایا ویڈیو گیم پر پابندی لگا دی گئی ہے جو مسلمانوں کی عبادت گاہوں میں قتل عام کو نمایاں کر رہی تھی جس میں ایک سفید فام مسلح شخص کو غیر سفید فام لوگوں کو نشانہ بناتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

کینیڈین ایرانی پائلٹ فورس ایرانی سپاہ پاسداران انقلاب سے تعلق کی الزامات کی تردید

کینیڈین ایرانی پائلٹ فورس ایرانی سپاہ پاسداران انقلاب سے تعلق کی الزامات کی تردید کرتی ہیں۔

ٹوکیو کے اطراف جدید پیٹریاٹ دفاعی نظام نصب کرنیکا فیصلہ

سکیورٹی اقدامات آئندہ سال 24 جولائی سے سمر اولمپکس گیمز کیلئے کئے جا رہے ہیں

ٹوکیو (اے پی پی) جاپان نے وار حکومت ٹوکیو کے اطراف جدید پیٹریاٹ میزائل شکن نظام نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جاپانی حکومت دفاع کے نظام نے ذرائع ابلاغ کو بتایا کہ یہ دفاعی نظام ٹوکیو کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے بنایا گیا ہے جہاں آئندہ سال 24 جولائی سے سمر اولمپکس گیمز شروع ہوں گی اور ساتھ ہی میزائل یا ڈرون سیکورٹی کے لئے میزائل شکن نظام نصب کیا تھا۔

بغداد کے گرین زون میں راکٹ حملہ، سکیورٹی اہلکار ہلاک

امریکی سفارتخانے کی حدود میں مارٹر بم پھینکے گئے، جانی نقصان نہیں ہوا

بغداد (اے پی پی) عراق کے دارالحکومت بغداد کے گرین زون میں راکٹ حملے میں ایک سیکورٹی اہلکار ہلاک ہو گیا، ایک اور حملہ میں امریکی سفارتخانے کی حدود میں مارٹر بم پھینکے گئے۔ عراقی کے جوائنٹ آپریشنز کمانڈ کے میڈیا آفس سے جاری بیان کے مطابق جائے اصلاحات، گرفتاری کے خلاف اقدامات۔ سہولیات اور ملازمتوں کے مواقع میں بہتری کے لیے عراق میں مظاہرے جاری ہیں۔ حساس علاقے گرین زون میں گزشتہ رات راکٹ حملے کے نتیجے میں ایک سیکورٹی اہلکار ہلاک ہو گیا۔ ایک اور گرین زون میں امریکی سفارتخانے کی حدود میں توپ سے مارٹر بم فائر کیے گئے تاہم اس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واضح رہے کہ مسلح افراد گرین زون جہاں امریکی سفارتخانہ اور عراقی حکومت کے دفاتر ہیں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔

انقرہ: ترک صدر رجب طیب اردوان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لیبیا: حفتر فوج نے مصراتہ میں ڈرون طیاروں کا اڈا تباہ کر دیا

فوج کے زیر انتظام انٹیلی جنس نے ایئر فورس اکیڈمی کے اندر مختلف مقامات کا پتہ چلایا تھا

طرابلس (این این آئی) لیبیا میں خلیفہ مارشل خلیفہ حفتر کی فوج نے کہا ہے کہ اس کے فراہم کردہ طیاروں نے مصراتہ میں ایئر فورس اکیڈمی کے مختلف ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔ اس دوران ایک فضائی اڈے کو تباہ کر دیا گیا جہاں ڈرون طیاروں کی تیاری اور ان کو ٹیکنیکی کرنے کے دو بیسے استعمال ہو رہا تھا۔ عرب ٹی وی کے مطابق جاری ایک بیان میں واضح کیا گیا کہ فوج کے زیر انتظام انٹیلی جنس نے ایئر فورس اکیڈمی کے اندر مختلف مقامات کا پتہ چلایا تھا۔ یہ مقامات عسکریں اطراف کی صورت اختیار کر گئے تھے جہاں سے ڈرون طیارے اڑان بھرتے تھے۔ لیبیا فوج کی جنرل کمان کے سرکاری ترجمان احمد المسماری کا کہنا ہے کہ طرابلس کے دہشت گرد حملے کی سمت فوج کی پیش رفت کے سامنے دفاع کی حکومتی فورسز کے قدم ڈگمگانے کا ثبوت ہیں۔

بحری پولیس کی کارروائی، سمگل شدہ سگریٹوں کی بڑی کھیپ برآمد

ملزمان کشتیوں کے ذریعے 31956 امریکی ڈالر کے سگریٹ سمگل کر رہے تھے

لیگوس (آئی این پی) نائیجیریا کے ادارہ برائے ریونیو کوسٹ گارڈ ڈویژن کی بحری پولیس نے الگ الگ آپریشنز میں چھاپہ مار کر 2 لاکھ 25 ہزار یوآن (31956 امریکی ڈالر) کے سمگل شدہ سگریٹ برآمد کر لیے ہیں یہ سگریٹ غیر قانونی طور پر بحر اوقیانوس کے راستے ایک تیز رفتار کشتی میں سے برآمد کیے گئے ہیں۔ یہ تیز رفتار کشتیاں عام طور پر سگریٹ اور شراب کی سمگلنگ کیلئے استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ 49 ویں تیز رفتار کشتی ہے جس سے اس سال کے دوران قبضے میں لیا گیا ہے۔ ان ترمیم شدہ تیز رفتار کشتیوں میں 300 ہارس پاور کا انجن نصب کیا جاتا ہے جس 60 کلومیٹ کی رفتار سے چلایا جاتا ہے۔ اسے عام طور پر سمگلنگ کے خلاف کام کرنے والی بحری عملہ مشکل سے ہی پکڑ سکتا ہے۔ اس سال اب تک پولیس نے 87 ملین یوآن کے 768 سمگلنگ واقعات پکڑے ہیں۔

افغانستان: امریکی حمایت یافتہ ملیشیا کے سرگرم ہونیکا انکشاف

نیم فوجی ملیشیائی دستے بااثر خوف شہریوں کے اغوا، جبری تشدد میں ملوث ہیں، ایچ آر ڈبلیو

کابل (آئی این پی) افغانستان میں امریکی حمایت یافتہ ملیشیا کے سرگرم ہونے کا انکشاف ہوا ہے، افغانستان میں امریکی حمایت یافتہ نیم فوجی دستے مقامی کارروائیوں میں مشتبہ افراد و شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں، ملیشیا کو جواب دہی اور نا انصافیوں کے خلاف کارروائی کا کوئی خوف نہیں اور یہ بلا جھجک کام کر رہے ہیں۔ یہ انکشاف ہیومن رائٹس واچ نے جھرات کو کیا ہے۔ امریکی انٹیلی جنس ایجنسی کی حمایت یافتہ یہ ملیشیا گروپ رات گئے کارروائیوں اور جبری گمشدگیوں میں ملوث ہیں۔ ایچ آر ڈبلیو کے مطابق ان ملیشیا کو جواب دہی اور نا انصافیوں کے خلاف کارروائی کا کوئی خوف نہیں اور یہ بلا جھجک کام کر رہے ہیں۔ ادارے نے پچھلے دو برسوں کے دوران چودہ متاثرہ افراد کی شناختیں کی ہیں۔ ان مصدقہ گرفتاریوں کی کئی کارروائیوں میں شہری بھی ہلاک ہوئے۔

کانگو: روہنگیا اور برمی اور بنگلہ دیش کے شہریوں نے چرچ کے باہر پناہ لے رکھی ہے

نیپالی کوہ پیما کا سات ماہ میں 14 پہاڑ سر کرنے کا نیا ریکارڈ

کھٹمنڈو (اے پی پی) نیپال کے کوہ پیما نرمل پورجا نے 14 پہاڑ 7 ماہ میں سر کرنے کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا، 36 سالہ نرمل پورجا نے اپنے مشن کے 7 پاکستان کے 6 اور تبت میں موجود 2 دنیا کے بلند ترین پہاڑوں کو 7 ماہ سے بھی کم مدت میں سر کرنے کا نیا ریکارڈ بنایا۔ نیپال کے سابق فوجی نے انتہائی کم وقت میں دنیا کے بلند ترین 14 پہاڑوں کو سر کرنے کا دنیا کے تیز ترین کوہ پیما بننے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ نرمل پورجا نے گزشتہ 6 ماہ میں آٹھ ہزار میٹر یعنی 26 ہزار فٹ سے زائد بلند چوٹیوں کو سر کیا۔

بنگلہ دیش: جماعت اسلامی رہنما اظہر الاسلام کی سزائے موت برقرار

ڈھاکہ (اے پی پی) بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے جماعت اسلامی کے سربراہ اظہر الاسلام کی سزائے موت کے فیصلے کی توثیق کر دی ہے۔ اظہر الاسلام کو متعدد بین الاقوامی جرائم کی عدالت نے 2014 میں سزائے موت سنائی تھی جس کے خلاف نظر ثانی کی درخواست بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ میں زیر سماعت تھی۔

کولمبیا: فارک باغیوں سے نمٹنے کیلئے 2500 ایلیٹ اہلکاروں کی تعیناتی کا فیصلہ

بوگوٹا (اے پی پی) کولمبیا حکومت نے فارک باغیوں سے نمٹنے کے لیے ایلیٹ فورس کے 2500 اہلکار تعینات کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ کولمبیا کے صدر ایون ڈوکیو کا کہنا ہے کہ فارک باغیوں نے 2016 میں حکومت کے ساتھ امن معاہدہ مسترد کرتے ہوئے دہشت گردی کے لیے ہتھیاروں کا استعمال کیا جس پر انہوں نے 2500 ایلیٹ فورسز کے اہلکاروں کو ان کی سرکوبی کے لئے تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

توجہ فرمائیں
روزنامہ ایکسپریس کے قارئین سے التماس ہے کہ اپنے اخبار فروش کے پاس ماہ کی ایجنسی فیس 30 ستمبر تک جمع کروا کریں۔ اکتوبر 2019ء کے فی کاپی تفصیل درج ذیل ہے

یکم اکتوبر	20	17	20
2	20	18	20
3	20	19	20
4	20	20	30
5	20	21	20
6	30	22	20
7	20	23	20
8	20	24	20
9	20	25	20
10	20	26	20
11	20	27	30
12	20	28	20
13	30	29	20
14	20	30	20
15	20	31	20
16	20	میزان:	860.00

سیلز اینڈ ڈسٹری بیوشن

مسجد نبویؐ کے جنوبی صحن میں آب زمزم کی سبیل لگائی جائیگی

مدینہ (اے پی پی) مسجد الحرام اور مسجد نبویؐ انتظامیہ کے سربراہ اعلیٰ شیخ ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس نے اعلان کیا ہے کہ مسجد نبویؐ کے جنوب مغربی صحن میں آب زمزم کی سبیل قائم کی جائے گی۔ سعودی پریس ایجنسی (ایس پی اے) کے مطابق دنیا بھر سے سعودی عرب آنے والے زائرین مملکت پہنچنے کے بعد آب زمزم پینے کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ یہ کام انتظامیہ کے ماتحت ڈائریکٹوریٹ تعلیمی امور کے ماہرین اور دیگر کارکن انجام دیں گے۔ معاون سیکرٹری سربراہ انتظامیہ الحافظ فیصل بن محمد الجلعی نے بتایا ہے کہ آب زمزم کی سبیل 330 مرتع میٹر کے رقبے پر قائم کی جائے گی۔

اسرائیل نے مشہور فلسطینی سیاستدان خالدہ جرار کو گرفتار کر لیا

رام اللہ (اے پی پی) اسرائیل نے فلسطینی قانون ساز کونسل کی سابقہ رکن مشہور فلسطینی سیاستدان خالدہ جرار کو گرفتار کر لیا۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فورسز نے مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر رام اللہ میں فلسطینی سیاستدان خالدہ جرار کو ان کے گھر سے گرفتار کیا۔ خالدہ جرار کی بیٹی عفیدا نے ٹویٹر پر اپنی پوسٹ میں بتایا ہے کہ ان کی متعلقہ وقت کے مطابق صبح تین بجے ان کے گھر کو 70 سے زائد اسرائیلی فوجیوں نے گھیرے میں لیا اور گھر کے 12 کے قریب فوجی گاڑیوں میں آئے تھے، انہوں نے میری والدہ کو گرفتار کیا اور نامعلوم مقام پر لے گئے۔ فلسطین کی آزادی کے لئے بائیں بازو کے پاپولر فرنٹ فار لبریشن آف فلسطین (پی ایف ایل پی) سے وابستہ 56 سالہ جرار کو اس سے پہلے 2015ء اور 2017ء میں بھی گرفتار کیا گیا تھا۔

جاپان: جنوبی جزیرے اوکیناوا میں آتشزدگی، تاریخی محل تباہ

اوکیناوا (اے پی پی) جاپان کے جنوبی پریفیکچر اوکیناوا کے شہر ناہا میں موجود عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیئے جانے والا تاریخی محل ''شوری کیسل'' آگ سے تباہ ہو گیا۔ ثقافتی ورثے کی علامت سمجھے جانے والے صدیوں قدیم محل 1429ء سے 1879ء تک رہنے والی ریوکیو دور حکومت کا مظہر تھا، 1945ء میں دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپانی فوج نے اس کے نیچے کھدائی کر کے اپنا ہیڈ کوارٹر قائم کیا تھا جس کی وجہ سے بمباری میں تبدیل ہو گیا تھا تاہم اصل عمارتوں پر اس کی بحالی کا کام مکمل ہونے پر اسے 1992ء میں دوبارہ کھول دیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق جاپان کے جنوبی جزیرے اوکیناوا میں شوری کیسل میں لگنے والی آگ نے پورے محل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ آگ بجھانے والے عملے کے 100 ارکان کو موقع پر روانہ کیا گیا ہے۔

جاپان میں آتشزدگی سے تباہ ہونیوالا تاریخی محل

جنوبی فلپائن میں 6.5 شدت کا زلزلہ، 4 افراد ہلاک ہو گئے

زلزلے کے جھٹکے جزیرے منڈاناؤ اور نواحی علاقوں میں بھی محسوس کیے گئے

ٹیلنا (اے پی پی) جنوبی فلپائن میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث صوبہ کٹابالو میں کم از کم چار افراد ہلاک ہو گئے۔ امریکی جیالوجیکل سروے کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر سکیل کے مطابق 6.5 ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلے کے جھٹکے جزیرے منڈاناؤ اور نواحی علاقوں میں بھی محسوس کیے گئے۔ واضح رہے کہ حالیہ ہفتے میں سنگل کی اس نوعیت کے شدید زلزلے سے 8 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ فلپائنی خبر رساں ادارے کے مطابق تصحیرات کو آنے والے زلزلے سے فلپائن کے جنوبی شہر ازماء میں ایک عمارت کو شدید نقصان پہنچا جو زلزلے کے مرکز سے 45 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ عمارت میں موجود کم از کم 9 افراد زخمی ہوئے ہیں اور ایک خستہ حال ہوٹل کی خالی عمارت بھی گر گئی ہے۔ زلزلے کے آفٹر شاکس جاری ہیں۔

2020 سبعودیہ اور امارات کے مشترکہ ویزا کے اجراء کیلئے مذاکرات

ابھی مزید اجلاس ہونگے، اقدام سے روابط مضبوط ہونگے، پروازوں میں بھی اضافہ کیا جائیگا، اماراتی وزیر سعودی عرب خاموش

ریاض، ابوظہبی (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی جانب سے مشترکہ ویزا کے مشترکہ ویزا جاری کرنے کے مشترکہ ویزا جاری کرنے سے متعلق مذاکرات چل رہے ہیں۔ سلطان المصوری کا کہنا تھا کہ مشترکہ ویزا جاری کرنے کے حوالے سے دونوں ممالک میں مذاکرات ابھی ابتدائی مراحل میں ہیں اور اس حوالے سے مزید مذاکرات اور اہم اجلاسوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مشترکہ ویزا کا اجرا آئندہ برس 2020 کے آغاز تک ہو جائے گا۔ تاہم اس حوالے سے کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سعودی وزیر سیاحت کے مطابق مجوزہ مشترکہ ویزا کے تحت دونوں ممالک میں سیاحت کو فروغ ملنے سمیت دونوں ممالک میں روابط مضبوط ہوں گے۔ مقصد دونوں ممالک کے درمیان پروازوں کی تعداد کو بھی دگنی تعداد میں بڑھانا ہے جو وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مشترکہ ویزا کا اجرا آئندہ برس 2020ء کے آغاز تک ہو جائے گا۔ تاہم اس حوالے سے کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے۔

آسٹریلیا: سینکڑوں کمیاب کوآلا بیئر آگ میں جل کر ہلاک

سڈنی (اے پی پی) آسٹریلیا میں لگی جنگلاتی آگ کے باعث سینکڑوں کی تعداد میں کمیاب نسل کوآلا زندہ جل کر ہلاک ہو گئے ہیں۔ ان جانوروں کی تعداد پہلے ہی بہت کم ہے۔ ان کوآلا زکو عوف عام میں کوآلا بیئرز بھی کہا جاتا ہے اور ان کا تعلق اپنے بچوں کو دوسرے پالنے والے ایسے جانوروں میں ہوتا ہے جو تھیلی دار ممالیہ کہلاتے ہیں۔ دنیا بھر میں ایسے زیادہ تر تھیلی دار ممالیہ جانور آسٹریلیا میں ہی پائے جاتے ہیں۔

نیوزی لینڈ سے لوہن اور سعودی ولی عہد صرف دوست ہیں، مائیکل لوہن

میری بیٹی اور سعودی شہزادے میں تعلقات کی نوعیت ویسی نہیں جیسا لوگ سوچتے ہیں

نیویارک (آئی این پی) امریکی اداکارہ، فیشن ڈیزائنر اور سوشیلائٹ لنڈسے لوہن کے والد نے اپنی بیٹی اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے تعلقات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے ان دونوں کے درمیان احترام کا رشتہ ہے۔ گزشتہ ماہ امریکی اداکارہ اور سعودی ولی عہد کے درمیان تعلقات کی خبریں میڈیا کی زینت بنی تھیں، کہا جا رہا تھا دونوں ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔ دی نیویارک پوسٹ میگزین نے 6 کے ایڈیٹر کے مطابق لنڈسے لوہن اور سعودی ولی عہد صرف ایک دوسرے کے قریب تھے بلکہ دونوں کے درمیان رومانس کا آغاز بھی ہو چکا ہے، وہ سعودی شہزادے کے نجی جہاز میں بھی گھومتی رہی بلکہ مہنگے تحائف بھی لئے۔ لنڈسے لوہن کے والد مائیکل لوہن نے انٹرویو میں کہا دونوں صرف دوست ہیں، میری بیٹی کی مشرق وسطیٰ میں متعدد بااثر لوگوں سے دوستی ہے۔ لنڈسے اور سلمان کی ملاقات تب ہوئی، جب ان کی بیٹی مشرق وسطیٰ میں مہاجرین کی مدد کرنے گئی۔



CLASSIFIED کلاسیفائیڈ

پلاٹ برائے فروخت

اسلام آباد

اسلام آباد CDA سیکٹر

اسلام آباد CDA سیکٹر، گلبرگ، عارم بلاس، کلریہ جناح آئی 14، DHA 16-15-14 اسلام آباد، بحریہ انکلیو، بہ لائن پلاٹ برائے فروخت۔ 0300-3637773 بلاک آفیشل محمد اعظم بلوچ 20739805

راولپنڈی/اسلام آباد میں ذاتی ڈیولپڈ پلاٹس

10، 5 مرلے کے پلاٹس فقط آسان اقساط میں دستیاب، ٹی بلاک کے اور کمرشل بھی دستیاب، فوری و حلالی بنیادوں پر حاصل کریں، رابطہ: 0349-0583031, 0333-9619853, 0335-8581390, 0345-0229500 20742460

G-14, G-13 اسلام آباد

G-14, G-13 میں پلاٹس کی خرید و فروخت کے لائسنس حضرات اپنے پلاٹ کی اچھی کنڈیشن میں آفر کیلئے رابطہ کریں، امین پراپرٹی، 0334-8904108, 051-2154786 20742646

بزنس اینڈ پروفیشن

لاہور

کاروبار بہتری

کاروبار میں اونچ نیچ کی وجہ سے تشویشات کا سامنا ہے، ہمارے ماہرین کی خدمات سے آپ کا کاروبار ترقی کی طرف گامزن ہوگا، مکمل اطمینان کی ضمانت، 0305-1577338 حاصل کریں، 30711010

دبئی بزنس انویسٹمنٹ کمپنی

گھر بیٹھے ملازمت فارم فل کریں، کاروبار کیلئے 4 لاکھ سے 4 کروڑ تک انویسٹمنٹ سرمایہ حاصل کریں، کاروباری حضرات فائدہ اٹھائیں، رابطہ 0302-9706954 30711011

آسان سرمایہ حاصل کریں

تمام کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو بڑھانے یا نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے زیرو مارک اپ کے ساتھ 15 لاکھ سے ایک کروڑ تک سرمایہ حاصل کریں 0309-0672597 30711012

آسان انویسٹمنٹ

تمام اطلاع سے کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو بڑھانے یا نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے آسان شرائط آسان اقساط پر انویسٹمنٹ حاصل کریں، رابطہ 0311-4802900 30711013

موبائل فون

فیصل آباد

نئی سام سنگ INBOX-3G موبائل منگوائیں

چائنہ سے درآمد شدہ سام سنگ 3G موبائل، سٹائلش ڈیزائن، ہائی ریزولیوشن 5 میگا پکسل کیمرہ، ڈیوئل سم، بلوٹوتھ، ایم پی تھری پلیئر، ایف ایم ریڈیو، ہینڈز فری، ٹارچ لائٹ کی سہولیات کے ساتھ موجود ہے، قیمت 3000 روپے، گارنٹی 1 سال، گھر بیٹھے منگوائیں 0321-3333796 70192228

شوبز/انٹرٹینمنٹ

لاہور

شوبز میں کام کا شاندار موقع

ATV، ہم ٹی وی، جیو انٹرٹینمنٹ، ایکسپریس انٹرٹینمنٹ، سوشل میڈیا پر مشہور ہونے کیلئے نوجوان و دلکش شخصیت فوری رابطہ کریں، واٹس ایپ میسج 0309-9096096 30710976

فیصل آباد

ضرورت اداکار، گلوکار، ماڈلنگ

پروڈکشن کمپنی کو TV HUM, PTV کے ڈرامہ سیریل، فیشن شوز اور گلوکاری کیلئے لڑکے اور لڑکیوں کی ضرورت ہے، رابطہ صرف واٹس ایپ 3، 0345-4864983 70192226

خوشخبری

اسلام آباد

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ بابا محسن باگالی، 0309-1968568 20743498

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ آستانہ بابا ولی اللہ ولی ملتان، 0303-6824056 20743528

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ عارف مسیح، 0345-4559198 20743558

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ صوفی عشرت حسین نظامی، 0302-7000903 20742981

لاہور

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات (عملیات)، 0300-5673804 30710988

خوشخبری

لاہور

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ بابا محسن باگالی، 0309-1968568 20743498

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ آستانہ بابا ولی اللہ ولی ملتان، 0303-6824056 20743528

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ عارف مسیح، 0345-4559198 20743558

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات۔ صوفی عشرت حسین نظامی، 0302-7000903 20742981

لاہور

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ کسی مسئلے میں پھنسے ہیں تو پریشان نہ ہوں صرف ایک کال کریں، اللہ، اللہ تمام پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی آیات (عملیات)، 0300-5673804 30710988

خوشخبری

لاہور

تمام مسائل کا حل بذریعہ قرآنی آیات

اگر آپ ک

ایک تا 15 سال کے بچے مرض میں مبتلا، اسپتالوں میں رش بڑھ گیا، 18 تا 30 نومبر حفاظتی ٹیکے لگائے جائینگے، محکمہ صحت سندھ کے (EOC) کو ارڈینیٹر سکھر پہنچ گئے

ڈاکٹر ریحان کے ای پی آئی سینٹروں کے ہنگامی دورے، ڈی سی کے ساتھ اہم میٹنگ، بیماری کے خاتمے کے لئے ویکسینیٹرز کو بھرپور کردار ادا کرنے کی ہدایت

سکھر/روہڑی (کرائم رپورٹر/نمائندہ ایکسپریس) | روہڑ اے ڈی سی سکھر کے ساتھ اہم میٹنگ | سٹرکٹ ایجنڈا آئٹم میں سکھر ویکسینیٹرز کے ذریعے مہم چلانے پر غور | ڈاکٹر ریحان بلوچ ((EPI کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اکرم سلطان کی جانب سے دیگر ڈاکٹرز کی مشتمل ٹیم کے ہمراہ سکھر اور روہڑی کے مختلف علاقوں میں قائم ای پی آئی صحت کے سنٹروں کا دورہ کیا اور میڈیکل اسٹاف کو ٹائیفائیڈ بخار میں مبتلا بچوں کو حفاظتی بچاؤ ویکسین کے عمل میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتنے کی ہدایت کی بعد ازاں پریس کانفرنس سکھر غلام مرتضیٰ شیخ کے ساتھ میٹنگ کی اور صوبائی حکومت کی جانب سے ٹائیفائیڈ بخار میں مبتلا بچوں کو اس مرض سے بچاؤ اور دیگر بچوں کو بیماری کے (باقی صفحہ 6 نمبر 1)

سکھر: ربیع الاول کی آمد پر جامع غوثیہ رضویہ کے زیر اہتمام مفتی ابراہیم ودیگر پرچم کشائی کر رہے ہیں

عید میلاد النبیؐ کے جلوسوں کیلئے سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس میں علماء کرام سمیت شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران کی شرکت، انتظامات کا جائزہ لیا گیا

اسپتالوں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا، 12 ربیع الاول تک رات 8 تا 12 بجے لوڈ شیڈنگ سے گریز کیا جائے: غلام مرتضیٰ شیخ ایکسیلنگ الجیئر

سکھر (کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر غلام مرتضیٰ شیخ نے بارہ ربیع الاول کے موقع پر عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے اپنے آفس کے کمیٹی روم میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں علماء کرام سمیت دیگر شہری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام پر زور دیکر عید میلاد النبیؐ پر امن طریقے سے منانے کے لئے وہ اپنے خطبات میں مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کا درس دیں، حضور کی تعلیمات میں بھی امن و بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کا درس دیا گیا ہے اس پر عمل کرتے ہوئے ہم معاشرے کے لئے ایک مثال قائم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عید میلاد النبیؐ کے جلوسوں کیلئے سیکیورٹی پلان تشکیل دیدیا گیا ہے، اسپتالوں کو ہائی الرٹ کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے سیکھر کے ایکسیلنگ الجیئر کو ہدایت کی کہ 12 ربیع الاول تک رات 8 تا 12 بجے لوڈ شیڈنگ سے گریز کیا جائے اور کام میں لاپرواہی اور غفلت برتنے پر متعلقہ کو کمپنی کو قانونی کارروائی کے لئے لکھا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر سکھر غلام (باقی صفحہ 6 نمبر 4)

جشن میلاد النبیؐ شایان وشان طریقے سے منانے کا سلسلہ شروع

شہر کی مختلف مساجد چوراہوں، شاہراہوں پر گنبد خضریٰ کے پرچم کشائیاں ہو رہی ہیں

حضرت محمد مصطفیٰ کی آمد سارے جہاں کیلئے باعث رحمت وبرکت ہے: مفتی محمد ابراہیم

سکھر (کرائم رپورٹر) ملک کے دیگر شہروں کی طرح سکھر میں بھی جشن میلاد النبیؐ شایان وشان طریقے سے منانے کا سلسلہ شروع ہو گیا، شہر کی مختلف مساجد چوراہوں، شاہراہوں پر گنبد خضریٰ کے پرچم کشائی کی جا رہی ہیں، اس سلسلے میں بزم خدام رضا، بزم طلباء، جامعہ غوثیہ رضویہ لرسٹ سکھر کے زیر اہتمام جامعہ رضویہ احاطہ میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، مہمان خصوصی علامہ مولانا مفتی محمد ابراہیم قادری تھے جبکہ دیگر مہمان گرامی میں مشرف محمود قادری، صاحبزادہ وقاص قادری، حافظ انوار قادری، مولانا الحفیظ حنیفی، مولانا ڈاکٹر سعید احمد، عبدالرؤف (باقی صفحہ 6 نمبر 7)

سکھر: ڈپٹی کمشنر مرتضیٰ شیخ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

50 لاکھ بھتہ نہ دینے پر جرائم پیشہ افراد کی گاؤں پر مبینہ فائرنگ

کچے کے جرائم پیشہ افراد نے بیٹی اور بھر کر رکھا ہے، کئی روز سے علاقے پر فائرنگ اور راکٹ لانچر برسا رہے ہیں، گاؤں میں خوف وہراس پھیلا ہوا ہے

پولیس نے حد بندی کے چکر میں بے یارومددگار چھوڑ دیا، تحریری درخواستوں کے باوجود ہمارا کوئی پرسان حال نہیں، متاثرین کی احتجاج کے دوران گفتگو

سکھر (کرائم رپورٹر) ڈاکو راج کے علاقے کھپی گاؤں بھلی کھوڑی کے مکین مختلف ہاراوری سے تعلق رکھنے والے افراد نے جرائم پیشہ افراد کی زیادتیوں کیخلاف سکھر پریس کلب کے سامنے علاقہ معززین امداد کھوڑو، راجہ راشد، عبدالوحید، عمران ودیگر کی قیادت میں احتجاج کرتے ہوئے بتایا ہمارے گاؤں کے کچے کے جرائم پیشہ افراد نے ہمارا بیٹا دو بھر کر رکھا ہے اور 50 لاکھ روپے بھتہ مانگ رہے ہیں انکار پر کئی روز سے علاقے پر فائرنگ اور راکٹ لانچر مار رہے ہیں گاؤں میں خوف کی فضاء پھیل گئی ہے جائیں تو جائیں کہاں جرائم پیشہ افراد پاس خوف وخطر گاؤں والوں کو حراساں کر رہے ہیں۔ پولیس نے حدود بندی کے چکر میں علاقہ مکینوں کو بے یارومددگار چھوڑ رکھا ہے تحریری درخواستوں کے باوجود ہمارا کوئی پرسان حال نہیں ہے مظاہرین نے بالا حکام سے لوٹس لیکر گاؤں کے مکینوں کو انصاف دلانے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔

سکھر: ضلع شکارپور کے گاؤں لکھی کھوڑی کے مکین جرائم پیشہ افراد کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

لازکانہ: جشن عید میلاد النبیؐ شایان شان طریقے سے منانے کیلئے تیاریاں جاری

لازکانہ میں بھی جشن عید میلاد النبیؐ شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے، لازکانہ شہر سمیت دیگر علاقوں سے 12 ربیع الاول کے موقع پر جلوس نکالے جائیں گے۔ اس حوالے سے لازکانہ کے قدیمی درگاہ منشوری شریف کے سجادہ نشین شیخ محمد منشوری نے بتایا کہ جماعت داعوۃ کی جانب سے 11 اور 12 ربیع الاول یوم درگاہ منشوری شریف میں 100 سالہ جشن عید میلاد النبیؐ کا جلسہ عام منعقد کیا جائے گا جس کے حوالے سے اسٹیج کی تیاری اور انتظامیہ کمیٹیاں قائم کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے جلسہ عام میں ملک کے نامور عالم دین اور مشہور نعت خوان شرکت کریں گے۔

خیرپور: ریٹائرڈ ریٹائرمنٹ ایسوسی ایشن کا قیام استاد سمیع اللہ بھٹو صدر منتخب

خیرپور (نمائندہ ایکسپریس) ریٹائرڈ ریٹائرمنٹ ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں لایا گیا اس موقع پر انجمن تاجران کے صدر حاجی عبدالغفار شیخ مہمان خصوصی تھے، استاد سمیع اللہ بھٹو ایسوسی ایشن کے صدر، استاد منیر احمد شیخ نائب صدر، استاد نعیم احمد صدیقی جنرل سیکرٹری، استاد محمد صدیق جونیجو، ڈاکٹر فیاض میمن، استاد آصف علی بھٹو، خواجہ فیاض سیکرٹری اطلاعات، استاد وحید علی میمن، اعتبار علی پلیجو جنرل سیکرٹری، محمد سلیم جمالی پریس سیکرٹری منتخب کئے گئے۔ اس موقع پر منتخب عہدیداروں نے درپیش مسائل کے حل اور سہولیات کی فراہمی کا آواز بلند کیا گیا۔

سائیٹ ایریا کی سرکاری زمینوں سے مٹی چوری جاری

متعلقہ خاموش تماشائی، پانیوں میں گڑھے پڑ گئے پولیس ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام

پولیس اہلکار تعینات کر دیئے گئے جلد ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا: تھانہ انچارج

سکھر (کرائم رپورٹر) سائیٹ ایریا کی سرکاری زمینوں سے غیر قانونی مٹی چوری کرنے کا سلسلہ تھم نہ سکا، انتظامیہ خاموش تماشائی، پانیوں میں گڑھے پڑ گئے، حفاظت درج ہونے کے باوجود سائیٹ ایریا پولیس ملوث ملزمان گرفتار نہ کر سکی، تحصیلات کے مطابق سکھر کے صنعتی علاقے سائیٹ ایریا کے خالی سرکاری پلاٹوں سے رات کے اندھیرے میں غیر قانونی طریقے سے کھدائی کر کے مٹی چوری کرنے کا سلسلہ تھم نہیں سکا ہے اور علاقے کے پارٹ ٹائم لوگوں کی جانب سے رات کی اندھیری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹریکٹر ٹرالیوں کے ذریعے سرکاری خالی پلاٹوں کی مٹی چوری کر کے فروخت کی جارہی ہے، سکھر سائیٹ ایسٹ انچارج کی جانب سے آگاہی اور تحریری درخواست کے باوجود یہ سلسلہ نہیں رک سکا ہے گزشتہ روز بھی انچارج کی جانب سے متعلقہ تھانے کو ایک لیٹر کے ذریعے آگاہ کیا گیا جس پر پولیس اہلکار تعینات کئے جانے کے باوجود مگر سرکاری پلاٹوں کی اراضی سے مٹی چوری نہیں رک سکی، سائیٹ سائیٹ کے خالی سرکاری (باقی صفحہ 6 نمبر 8)

سکھر: بااثر افراد کی جانب سے صنعتی ایریا سے مٹی چوری کے باعث گڑھے پڑے ہوئے ہیں

پلازہ کے فلیٹ سے خواجہ سراء کی 3 روز پرانی نعش برآمد

متوفی نعمت اللہ اکیلا رہتا تھا، پوسٹمارٹم رپورٹ میں موت کی وجوہات کا علم ہوگا: پولیس

سکھر (کرائم رپورٹر) شاہراہ روہڑ نیو بائی پاس کے قریب پلازہ کے فلیٹ سے خواجہ سراء کی 3 دن پرانی نعش برآمد ہوئی ہے نعش خواجہ سراء ایریا کی معرفت اہل محلہ کی اطلاع پر تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے سول اسپتال منتقل کیا گیا، پولیس کی ابتدائی تفتیش کے مطابق نعش کی شناخت نعمت اللہ ولد عبداللہ لاکھو سکنہ گوٹھ آباد لاکھو سکھر سے ہوئی ہے، متوفی نعمت اللہ لاکھو فلیٹ میں اکیلا رہتا تھا، پولیس کے مطابق پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد موت کی وجوہات کا علم ہوگا، قتل یا طبعی موت واقع ہوئی ہے، ورثاء کو اطلاع دے دی گئی ہے خواجہ سراء کی پراسرار موت کی اطلاع پر سکھر کے خواجہ سراؤں میں گہری تشویش اور خوف وہراس پھیل گیا۔

لنک روڈ منڈوڈیرو پر چھاپہ، شراب کی بھاری مقدار برآمد

تھانہ دبر پولیس نے ملزم مختیار قیم کو کار سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

سکھر (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی سکھر عرفان علی سموں کی ہدایات پر سماجی برائیوں اور خلیات کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے، ایس ایچ او تھانہ دبر نے لنک روڈ منڈوڈیرو کے مقام پر خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے شراب کی ترسیل ناکام بناتے ہوئے 100 سے زائد شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ملزم مختیار قیم کو کار سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے، ایس ایس پی سکھر عرفان علی سموں نے پولیس پارٹی کو کامیاب کارروائی پر شاباش کا پیغام دیا ہے۔

سکھر: پولیس کارروائی کے دوران برآمد ہونے والی شراب سمیت ملزم حراست میں ہے

گھوٹکی: شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کیمپس میں پری انٹری ٹیسٹ

کیمپس کی جگہ تاحال مدک فام میں 152 ایکڑ رقبہ پر کیمپس کی تعمیر جلد شروع ہوگی: مقصود ضیاء

گھوٹکی (نمائندہ ایکسپریس) شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کیمپس گھوٹکی میں سال 2020 کیلئے پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع کے مختلف شہروں گھوٹکی، میرپور ماتھیلو، اوباڑو، خانپور مہر، بدوہ سمیت دیگر علاقوں کے 200 سے زائد طلبہ اور طالبات نے حصہ لیا شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کیمپس گھوٹکی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سید مقصود ضیاء شاہ، ٹوکل پرنسپل صداقت علی رند، بدرالدین چانڈیو کی نگرانی میں طلبہ اور طالبات (باقی صفحہ 6 نمبر 10)

گھوٹکی: شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کیمپس گھوٹکی میں طلبہ اور طالبات پری انٹری ٹیسٹ دے رہے ہیں

ایم ڈی سی آرڈیننس معطل کرنے کیخلاف ینگ ڈاکٹرز کا احتجاجی مظاہرہ

آرڈیننس 2019 کو کرپشن ظاہر کر کے پرانا آرڈیننس نافذ کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، بحال کیا جائے: ڈاکٹر عبدالمجید دیگر

سکھر (کرائم رپورٹر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سی ایم سی میڈیکل کالج سکھر کے زیر اہتمام پی ایم ڈی سی آرڈیننس معطل کرنے کیخلاف ڈاکٹرز کی بڑی تعداد نے ڈاکٹر عبدالمجید و دیگر کی قیادت میں سول اسپتال کے احاطے میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور نعرے بازی کرتے ہوئے پی ایم ڈی سی آرڈیننس کو معطل کرنے کیخلاف شدید نعرے بازی کی اس موقع پر ینگ ڈاکٹرز نے کہا کہ حکومت نے پی ایم ڈی سی آرڈیننس 2019 کو کرپشن ظاہر کر کے پرانا آرڈیننس لاگو کیا ہے جس شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بااختیار اور متحقہ محکموں کے بااثر افسران سے معطل کئے جانے والے پی ایم ڈی سی آرڈیننس 2019 کو بحال کرنے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔

سکھر: ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے پی ایم ڈی سی کی بحالی کیلئے احتجاج کیا جا رہا ہے

کار اور موٹر سائیکل میں ٹکر، شوہر جاں بحق، بیوی، داماد زخمی

پولیس نے کار تحویل میں لے کر ڈرائیور کو حراست میں لے لیا، نعش پہنچنے پر گھر میں کہرام

لازکانہ (پریس رپورٹ) تھانہ بھمرو کی حدود شیدی گوٹھ روڈ پر جیدآباد جانے والی تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل میں آمنے سامنے زوردار ٹکر ہوا جس کے نتیجے میں قمر کے رہائشی 55 سالہ اصغر علی سومرو ان کی اہلیہ خمیر ان خاتون اور داماد نجیب سومرو شدید زخمی ہوئے، اطلاع پر پولیس نے ملزم کار کو تحویل میں لیتے ہوئے ڈرائیور ارباز خاصخیلی کو حراست میں لے کر تھانے منتقل کیا، بعد ازاں زخمیوں کو چانڈکا اسپتال کے شعبہ حادثات منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں کے جانچ پڑتال کے بعد 55 سالہ اصغر علی سومرو دم توڑ گئے، ڈاکٹر نجیب سومرو نے بتایا کہ میں سسر اور ساس کے ہمراہ روشیدو گوٹھ رشتہ داروں کے ہاں گئے جہاں قمر واپسی پر (باقی صفحہ 6 نمبر 5)

- سانپ سے وابستہ دہشت اور خوف کی حقیقت کیا ہے؟
- سانپوں سے متعلق خطرات، ان سے بچنے کی تدابیر اور علاج کے حوالے سے معلوماتی فیچر
- دولہا دریا خان شہید..... سندھ کی تاریخ کا ناقابل فراموش کردار
- ملازمت ہو تو ایسی ہو!... وہ نوکریاں جن میں کچھ نہ کر کے بھی بڑی کمائی
- شیزاد و وسیم اور شیزادی میدانوں کا دورہ پاکستان، مقاصد کیا تھے؟
- عالمی طاقتوں نے سیاچن پر قبضے کیلئے بھارت کو درپردہ مدد فراہم کی
- پاکستان اور بھارت کے مابین عسکری تصادم کی تاریخ کا احوال
- سیاحوں کو ڈرانے کے لیے فرقہ واریت کو ہوا دی جاتی ہے، انکشاف نامہ
- زندہ جاوید مزاح کا خالق...ڈاکٹر انعام الحق جاوید
- ڈیزل وانگن — ہالی وڈ کا سپر سٹار
- چھت پر لگے دستی پنکھے... ماضی کی ایک یاد
- جہاں گشت ★ گوچہ سخن ★ سارے رنگ

پاکستان کا واحد اخبار جسکی ادارتی ٹیم کو 4 مرتبہ بہترین اداریہ لکھنے پر ایوارڈ حاصل ہے

DAILY EXPRESS ایکسپریس www.express.com.pk

ایڈیٹوریل

جمعۃ المبارک ' 3 ربیع الاول 1441ھ ' یکم نومبر 2019ء

سکھر: پلاٹ نمبر 10/A، بلاک A، سکھر بزنس سینٹر، گودیار
فون: 071-5633424-071-5633421
فیکس: 071-5633410
کراچی: پلاٹ نمبر 5، ایکسپریس ہاؤس، 29 لسبیلہ انڈسٹریل ایریا، سپر ہائی وے
فون: 021-35060051-5، 021-35060060 فیکس: 021-35060050

تاجر برادری اور حکومت میں خوش آئند معاہدہ

حکومت اور تاجروں کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے تحت شناختی کارڈ کی شرط تین ماہ کے لیے موخر کردی گئی، اس بات کا اعلان وزیراعظم کے مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کیا، وفاقی وزارت خزانہ میں مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ اور مرکزی تنظیم تاجران کے وفد میں مذاکرات ہوئے جس میں معاہدہ طے پا گیا۔ عبدالحفیظ شیخ نے اسلام آباد میں تاجر برادری کے نمائندوں، چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما جہانگیر ترین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے تاجر اور وفاقی بورڈ آف ریونیو کے درمیان طے پانے والے 11 نکاتی معاہدے کی تفصیلات بتائیں۔

حکومت اور تاجر برادری کے رہنماؤں میں مفاہمت خوش آئند اور ملکی معیشت کے استحکام کیلئے انتہائی اہم اقدام ہے۔ تاجر برادری نے کہا ہے کہ حکومت اور تاجروں میں معاملات خوش اسلوبی سے طے پاگئے ہیں، جس سے حکومت کا پہیہ اور کاروباری سرگرمیاں بہتر انداز میں چل سکیں گی۔ ملک انارکی، افراتفری اور بے یقینی سے بچ جائے گا۔ دوسری طرف حکومت اور تاجر برادری کو بھی سوچنا ہوگا کہ آئندہ ایسی صورتحال ہی پیدا نہ ہو جہاں بات چیت میں ڈیڈ لاک پیدا ہو جائے اور ملکی معیشت کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کے خدشات گھیر لیں، کیونکہ سیاسی عدم استحکام آگے چل کر معاشی صورتحال کی بے یقینی کی شکل ہی اختیار کرلیتی ہے، حالات قابو میں نہیں رہتے اور عوام کے لیے زندگی وبال جان بن جاتی ہے۔ ایف بی آر حکام کے تخمینہ کے مطابق دو دن کی ہڑتال سے ملکی معیشت کو 6 ارب روپے کا دھچکا لگتا ہے۔ میڈیا کے مطابق 10 گروتک کے ٹرن اوور والے تاجروں سے ایک اعشاریہ پانچ فیصد ٹرن اوور ٹیکس کے بجائے صفر اعشاریہ پانچ فیصد ٹرن اوور ٹیکس لیا جائے گا، 10 گروتک کے ٹرن اوور والا تاجر دو ہولڈنگ ایجنٹ نہیں بنے گا۔ سیلز ٹیکس میں ریٹرننگ کے لیے سالانہ بجلی کے بل کی حد 6 لاکھ روپے سے بڑھا کر 12 لاکھ روپے کردی گئی، کم منافع رکھنے والے شعبے کے ٹرن اوور ٹیکس کا تعین ازسرنو کیا جائے گا جو تاجروں کی کمیٹی کی مشاورت سے ہوگا جبکہ ریجنل/ ایسوسی ایشنوں کے ساتھ حل کریلیئرز کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، آڈٹ حیثیوں پر تجدید لائسنس فیس پر عائد دو ہولڈنگ ٹیکس کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا، چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ شناختی کارڈ کا قانون برقرار ہے۔ 31 جنوری تک تاجروں کا روبرو انکم نہیں ہوگی۔ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری نے ایف بی آر سے کامیاب مذاکرات پر پاکستان بھر کے تاجروں سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور تاجروں کے درمیان معاملات کا خوش اسلوبی سے طے پانا خوش آئند اقدام ہے۔ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے چیئرمان خواجہ سلمان کا کہنا ہے کہ حکومت نے ان کے 80 فیصد سے زائد مطالبات مان لیے ہیں، تاجروں اور حکومت کے درمیان معاہدے کے لیے جہانگیر ترین نے اہم کردار ادا کیا اس موقع پر تاجر رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے تاجر قیادت سے مذاکرات کرکے احسن اقدام اٹھایا ہے اگر حکومت تاجر قیادت سے مذاکرات نہ کرتی تو تاجر برادری غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال پر مجبور ہو جاتی، تاجر برادری نے ہمیشہ ٹیکس دیئے اور آج بھی ٹیکس دینا چاہتی ہے تاکہ ملکی معیشت مستحکم ہو کیونکہ ٹیکس کا جو نظام نافذ کیا گیا تھا وہ غلط تھا، تاجر برادری متحد ہے اور جب بھی ضرورت پڑی تاجر برادری کے حقوق کے لیے دو ہر سطح پر اپنی جدوجہد کو ہمیشہ کی طرح جاری رکھیں گے۔

حقیقت میں دانش مندی اور ملکی مفاد کے ادراک کا قابل تعریف مظاہرہ حکومتی ٹیم اور تاجر برادری نے دو طرفہ بنیاد پر کیا، فریقین نے ایک طرف سیاسی اور ملکی معاشی صورتحال کے پیدا شدہ تاثر پر مبنی صائب فیصلے کیے، معاہدہ پر اتفاق رائے کیا اور کاروباری معاملات پر وزارت خزانہ، بی بی آر اور حکومت سے انجام دہی کے ساتھ مسائل کے حل کا راستہ نکالا، چونکہ سب جانتے تھے کہ ملک میں سیاسی درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، آزادی مارچ کے مستقبل پر عوام کی نگاہ مرکوز ہے، معاشی معاملات دیگر سطح پر بھی طے ہوتے جائیں، ملک کو ایک مضبوط اقتصادی روڈ میپ کی ضرورت ہے، عوام مہنگائی اور بیروزگاری کے مصائب سے دوچار ہیں، اس لیے صرف حکومت اور تاجر برادری ہی میں مفاہمت وصلاحیت وقت کا تقاضہ نہیں بلکہ یہی وہ موقع ہے جہاں ارباب اختیار سے امید کی جاسکتی ہے کہ ایسی ہی حتمی مفاہمت اور بات چیت میں بریک تھرو سیاست میں ہونی چاہیے۔ ضرورت ایک آؤٹ آف باکس جمہوری وسیاسی اتفاق رائے کی بھی ہے۔

شامی اور ترک فورسز میں جھڑپیں

شامی فوجی دستوں اور ترک فوج کے درمیان شام کے سرحدی قصبے راس العین میں جھڑپ ہوئی ہے، اس کا اعلان شام کے سرکاری میڈیا نے کیا ہے جبکہ ترکی کا کہنا ہے کہ وہ کردملیشیا کے خلاف سرحد پار ایک اور آپریشن کرے گا۔ شامی میڈیا نے کہا ہے کہ ترک فوج نے راس العین کے اردگرد کے دیہات پر قبضہ کرلیا ہے۔ حالیہ دنوں میں شامی اور ترک فوجوں کے درمیان اور بھی کئی جھڑپیں ہوئی ہیں۔ ترکی کا کہنا ہے کہ وہ سرحد پار جنوب میں 30 کلومیٹر کا علاقہ خالی کرانا چاہتا ہے تاکہ وہاں سے کرد جنگجو ترکی پر حملہ نہ کرسکیں۔ امریکہ اور روس بھی متعدد مرتبہ علاقے کو جنگجوؤں سے خالی کرانے کی حمایت کرتے رہے ہیں کیونکہ ترکی اور روس کی ڈیل ہو چکی ہے۔ سرحد کے قریب یہ وہ علاقہ ہے جس پر شامی حکومت کا آٹھ سالہ جنگ کے بعد قبضہ ختم ہو چکا تھا۔ اختر میں ترک صدر جناب طیب اردوان نے اسے کے پارٹی کے اراکین اسمبلی سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ کردوں نے رواں کی طرف سے یقین دہانی کے باوجود اس اہم سرحدی علاقے کو مکمل طور پر خالی نہیں کیا جبکہ ڈیل کی ایڈوانس ختم ہو رہی ہے۔ ترکی کردوں کی جماعت ''وائی پی جی'' کو دہشت گرد تنظیم قرار دیتا ہے جبکہ ترکی سرحد پار کے اس علاقے کو ''محفوظ زون'' میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ صدر اردوان نے کہا ہے کہ اگر کردوں نے 30 کلومیٹر کے علاقے کو خالی نہ کیا تو ان کے خلاف مزید فوجی کارروائی کی جائے گی۔ شام کی جمہوری فوج (ایس ڈی ایف) میں وائی پی جی (کرد جنگجوؤں) کو بنیادی حیثیت حاصل ہے جو شمالی شام میں امریکی فوجوں کے ساتھ مل کر جنگ میں مصروف ہیں۔ ترکوں کی حمایت میں فورسز نے 9 اکتوبر کو شام کی سرحد پر حملہ کیا تھا جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اچانک امریکی فوج کو اس علاقے سے نکال لیا تھا۔ امریکی افواج کے انخلا کے بعد ترکی کو وہاں کارروائی کرنے کا موقع مل گیا۔ تازہ صورتحال میں شامی سرحد پر رواں اور ترکی کی فوج کے مشترکہ گشت کی بات بھی کی جارہی ہے۔ یہ گشت شام کے اندر سرحد سے 10 کلومیٹر کے فاصلے پر ہوگی لیکن ترک صدر اردوان نے کہا ہے کہ اس سے قبل وہ چاہتے ہیں کہ رواں اور شام کے ساتھ اس معاملہ میں بات چیت کی جائے تاکہ گشت کرنے والی فورسز کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جاسکے۔ امریکہ کے شام سے نکل جانے کو ترکی اور روس کے علاوہ ایران کی طرف سے بھی جلد تنقید بتایا گیا ہے کیونکہ اس طرح شام ترکی کے براہ راست حملے کی زد میں آسکتا ہے۔ ادھر شام کرد جنگجوؤں پر زور دے رہا ہے کہ وہ براہ راست شامی فوج کے ساتھ شامل ہو جائیں تاکہ ترک فوج کا مقابلہ کیا جاسکے۔

تیز گام ٹرین کا دردناک سانحہ، تحقیقات ناگزیر

کراچی سے لاہور جانے والی تیز گام ایکسپریس میں رحیم یار خان کے قریب سلنڈر پھٹنے سے لگنے والی آگ کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی تعداد دم تحریر 73 ہوچکی ہے، مسترد لاشیں ناقابل شناخت ہیں جبکہ متعدد افراد زخمی ہیں۔ یہ سانحہ انتہائی دردانگیز ہے۔ غفلت اور لاپرواہی ہمارا قومی چلن بنتا جارہا ہے۔ گزشتہ برس جولائی سے اب تک ریلوے کے چھوٹے بڑے چالیس حادثات کے نتیجے میں اب تک بھاری جانی ومالی نقصان ہو چکا ہے، جو تفصیل اس سانحے کی سامنے آئی ہے، اس کے مطابق مسافر ٹرین میں سلنڈر سے اٹھ رہی گیس کو سونگھ رہے تھے کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی تاہم عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ ٹرین میں آگ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگی۔ متعدد افراد نے چلتی ٹرین سے کود کر جان بچائی۔ وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد کے مطابق تبلیغی جماعت کے لوگ اجتماع میں جارہے تھے۔ اس واقعے میں ریلوے کی غلطی نہیں، مسافروں کی غلطی ہے۔ مسافر ٹرین میں سلنڈر کیسے لے کر چلے، اس کی تحقیقات کی جائیں گی۔ یہاں پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ چلتی ٹرین میں تو ریلوے پولیس اہلکار بوگیوں کے درمیان گشت کرتے ہیں، تو کیا انھوں نے سلنڈر دیکھ کر مسافروں کو منع نہیں کیا؟ اگر گاڑی کے اندر آگ بجھانے کا انتظام ہوتا یا گاڑی بروقت رک جاتی تو اموات میں کمی ہوسکتی تھی۔ ایمرجنسی کی صورت میں ٹرین کے ڈبوں میں باقاعدہ ونجر موجود ہوتی تھی جسے کھینچا جاتا تھا تو انجن (رائیور گاڑی روک لیتا تھا)، لیکن اس واقعے میں تو ٹرین (حادثے کو) سیکنڈ تک آگ لگنے کے باوجود چلتی رہی۔ اس دوران 25 سے 30 افراد تو چلتی ٹرین سے چھلانگ لگانے کے باعث اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ بہتوں میں برن وارڈ موجود نہ ہونے کی وجہ سے بھی متعدد افراد نے جانبر نہ ہونے کی وجہ سے اب ہماری ریل گاڑیوں میں سے ایک علاقہ ہے 2012ء کے بعد ٹرین کے مسلسل کٹاؤ کی وجہ سے اب ہمارا کاروبار مکمل طور پر درہم برہم ہو چکا ہے، ہمارے بزرگوں کی قبریں تک پانی میں بہہ گئی ہیں، مجھے بچپن سے یہ ملک تعلیم کا شوق تھا، میں نے بی ایس کیا تو میری والدہ نے اپنا تمام زیور بیچ دیا، ہمارے پاس پانچ مرلے کا ایک مکان تھا، والدہ نے اس مکان میں یہ گروی رکھ دیا، میں آپ کو یہ بھی بتادوں کہ ہم اسلام آباد کے باسی اس ڈاکٹر سے واقف ہیں لہٰذا ہم اکتوبر کے مہینے میں ہی گھر کرائے پر لگا کر اس کا لطف اٹھاتے ہیں، اکثر اپارٹمنٹ، ٹینشن اور ہنگامہ آرائی میں رات کے وقت کھڑکی کھول دیتا ہوں اور اس وقت تک کھڑکی پر بیٹھا رہتا ہوں جب تک پورا جسم سن نہیں ہو جاتا، محمد عمران کے خط نے بھی اداسی پیدا کردی اور میں نے فیصلہ کیا کہ رات کے مسافر ٹرین کے ذریعے ہی اسلام آباد جاؤں گا، میں نے ایک فائن مشن میں فرائض سرانجام دیے ہیں، میں نے جولائی 2012ء میں برطانیہ کے شہر ویلز میں گلیم رگ یونیورسٹی سے اعزاز کے ساتھ ماسٹرز اور سعادت کیریئر کنسلٹنٹ میں ماسٹر (گرمی) کی، میرے پروجیکٹ کا مرکزی خیال ریلوے کا کام کا پوٹھا ٹیکنالوجی تھا، میں نے اس پروجیکٹ میں امراز حاصل کیا، میں نے اس سے قبل 2010ء میں الائیڈ بینک سے ریلوے کام انجینئرنگ میں گریجویشن کی اور میں نے 3.75 جی پی اے کے ساتھ اپنی جماعت میں دوسری پوزیشن حاصل کی، میں نے سیکنڈری اور اس کے بعد کی تعلیم اسلام آباد مال کالج سے حاصل کی، میں ایک متوسط طبقے سے تعلق رکھتا ہوں، والدین میرا والی کے کالس نورنگا سے اسلام آباد آئے تو رنگا جاب کے سب سے زیادہ نظر انداز کیے جانے والے علاقوں میں سے ایک ہے، اب ہمارا کاروبار مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے، ہمارے بزرگوں کی قبریں تک پانی میں بہہ گئی ہیں، ہم اسلام آباد میں اکتوبر کا مہینہ اس لیے انجوائے کرتے ہیں کہ ہمارے بزرگوں کی قبریں

رحیم بخش سومرو، بلند پایہ سیاستدان

مجھے پڑھے تو سندھ کے کئی سیاستدان اچھے لگتے ہیں، جن میں سرفہرست اللہ بخش سومرو شامل ہیں جو سندھ کے پہلے منتخب وزیراعظم تھے۔ جن کی زندگی کے بارے میں چند کرمیں ان کی لائق ہوں۔ رحیم بخش سومرو شہید اللہ بخش سومرو کے بیٹے تھے، ان کی زندگی اپنے والد کا عکس تھی جنہوں نے بچپن سے ہی اپنے والد کے نقش قدم پر چلنے کی بھرپور کوشش کی جس میں وہ کافی حد تک کامیاب بھی رہے۔ انہوں نے سیاست کے پرخے سے بنتا کیا۔

رحیم بخش سومرو نے میں پہلی مرتبہ اپنے والد عبدالقادر کے ساتھ ان کی کراچی والی رہائش گاہ پر ملا تھا جس کی سادگی، محبت اور اپنے آداب دیکھ کر ہی مجھے خوش ہوئی کہ ان میں اپنے والد کی خوشبو موجود ہے کیونکہ سومرو قبیلہ تعلیم کے حوالے سے آگے تو تھے مگر غریبوں سے محبت ان کے کام آنا، حلاوت، عاجزی، نیاز، رحم ان کے خاندان کی خاص پہچان تھی، وہ تو اپنے دشمن کو بھی معاف کر دیتے۔

ہم جہاں میں اپنی زندگی کی وہ جس میں کچھ کرتے ہیں، کچھ کرنے کی آرزو رکھتے ہیں، کچھ کرنے کی تمنا کرتے ہیں، کچھ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، کچھ کرنے کی جستجو کرتے ہیں، کچھ کرنے کی تلاش کرتے ہیں، کچھ کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں، کچھ کرنے کی تگ و دو کرتے ہیں، کچھ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، کچھ کرنے کی کاوش کرتے ہیں، کچھ کرنے کی سعی

دین و دانش

اختر سردار چودھری

ہم پر ماہِ مبارک ربیع الاول جلوہ فگن ہو چکا ہے۔ یہی وہ عالی شان ماہِ مبارک ہے جس میں محسنِ کائنات و داعیِ انسانیت حضرت رسول کریم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی تھی۔ وہ نبی کریم ﷺ جو سارے جہاں کے لیے رحمت و برکت و نور بہار بن کر تشریف فرما ہوئے اور انہوں نے تمام روئے انسانیت کو صراطِ مستقیم پر گامزن فرمایا اور فرمایا کہ تم سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہو، خبردار! کسی بھی تفرقے میں مت پڑنا اور اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہنا کہ اس میں تمہاری نجات اور مغفرت ہے۔ بدقسمتی سے اب ہم ہم مسلمان رہ گئے ہیں، مل کر سوچیں کہ کہاں اور کیوں ہم نے تو اپنے مسلک اور مکتب ہی کو اپنی پہچان بنا لیا ہے۔ اس پر دل غم سے بوجھل ہے۔ آج قلبِ مسلمہ حالات سے گزر رہی ہے۔ ہر طبیعی کہ ہمیں اس نقصان کا احساس بھی نہیں ہے۔ یہی سبب ہے کہ ہم دنیا بھر میں بہ حیثیت قوم بدشت اپنی وقعت کھو چکے ہیں اور کسی جگہ بھی ہماری کوئی شنوائی اور پرسانِ حال نہیں ہے۔ کشمیر سمیت دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا ہے۔ ہمارے مسلم ممالک بھی آپس میں غائبانگی میں مصروف ہیں۔ مسلمان یا مومن تو وہ ہوتے ہیں، جو آپس میں نرم ہوں، اتحاد، ایمان اور تنظیم ان کا طرۂ امتیاز ہوتا ہے۔ ہم اپنے ہی مسلمان بھائیوں کے گلے کاٹ رہے ہیں اور اللہ اور اس کے آخری نبیؐ کے پیغام کو بھول گئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم نے یہ طور مومن و مسلم اپنی پہچان ختم کر لی ہے اور فرقوں کو اپنی پہچان بنا لیا ہے۔

افسوس کہ مسلم امہ اب متحد نہیں رہی۔ اللہ کے فرمان عظیم کا مفہوم ہے: "اور جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ اور ایمان والوں کو دوست بنانے کا تو اللہ کی جماعت ہی غالب ہونے والی ہے۔" ہماری رسوائی کا اصل سبب یہ ہے کہ ہم نے اسوۂ رسول ﷺ سے منہ موڑ لیا ہے۔ اس بے عملی اور بے وقعتی کو دور کرنے کے لیے ہمیں آپؐ کے اسوۂ مبارکہ کو اپنانے پر مشتمل رہنما ملا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان کا مفہوم ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی زندگی میں تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ کی ہر ہر ادا بہتر ہے اس کے لیے حوالہ اور پچھلے دن کی امید رکھنا ہو اور اللہ کو یاد کرنا ہے۔ آج امت میں انتشار کی بڑی وجہ صرف اپنے ہی مسلک کے حق ہونے پر شدید اصرار ہے۔ ہم اپنے بھائیوں کی تذلیل کرتے اور اس بات کو بھول گئے ہیں کہ اسلام تو قریبوں کی دل آزاری کی اجازت ہی نہیں دیتا۔ ہم اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو بھول گئے، مفہوم: "اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے گا تو عن قریب اللہ (ان کی جگہ) ایسی قوم کو لائے گا جن سے وہ (خود) محبت فرماتا ہوگا اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے، وہ مومنوں پر نرم (اور) کافروں پر سخت ہوں گے۔" ربیع الاول کے اس مبارک ماہ میں آپؐ کے پیغامِ رسالت کو سمجھنا اور سیرت طیبہ کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا ہی میلاد النبیؐ اور آپؐ سے اصل محبت ہے۔ آج ہمارے مسائل کا حل اور سب سے بڑی بھلائی اور عافیت کا تقاضا یہی ہے کہ ہم پہلے کے پہلے اسلام میں داخل ہو جائیں اور رسول رحمت کی تعلیمات پر عمل کریں اور ان کو ہم تک پہنچائیں۔ آپؐ سے حقیقی محبت کا تقاضا ہے کہ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کو زندگی کا راہبر و رہنما بنایا جائے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط بنانا چاہیے اور پوری زندگی کو سیرت اور اسوۂ حسنہ ﷺ کی روشنی میں گزارنے کا عہد اور جذبہ پیدا کرنا چاہیے۔

آج امت کے ہر فرد کو شدید ضرورت ہے کہ وہ سیرت رسول ﷺ کا مطالعہ اس نقطہ نظر سے کرے کہ موجودہ حالات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ ہمارے لیے کیا دس فرامین کرتی ہے۔ اللہ کا ارشاد کا مفہوم ہے کہ اگر تم مومن ہو تو کامیاب ہو جاؤ گے۔ ہمیں اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لینا چاہیے اور تفرقہ میں نہیں پڑنا چاہیے۔ یہ تفرقہ بازی ہی ہماری ناکامی اور زوال کا سبب ہے۔ اگر ہم نے اسوۂ رسالت مآب ﷺ پر عمل کیا تو قرآن حکیم ہمیں فوز عظیم بتاتا ہے: "دل شکستہ اور غم نہ کرو، تم ہی غالب رہو گے اگر تم مومن ہو۔"

حُبِّ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

آس محمد مصطفوی

ہر مسلمان کو اپنے دل و دماغ میں یہ بات راسخ کر لینی چاہیے کہ نبی اکرم کی ذات اقدس اصل دین ہے۔ آپ کی محبت شرط ایمان ہے۔ جس دل میں آپ کی محبت نہیں، وہ ویران ہے۔ مطالع المسرات میں ہے کہ حضور کی محبت، سب العزت کی محبت کے لیے شرط اول ہے۔ ہر ذی شعور انسان پر یہ بات عیاں ہے کہ جب تک مسلمانوں کے دلوں میں محبت رسول کو غلبہ، ہیبت، عزت، حشمت اور فتح و ظفر و نور ان کا مقدر رہی اور سرکش اقوام ان کے زیر نگیں رہیں، لیکن جب یہ تعلق اور رشتہ کمزور ہوا تو مسلمانوں کا عروج زوال میں تبدیل ہو گیا، حتیٰ کہ آج مسلمانوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، جس نے میری محبت کا دعویٰ کیا اسے چاہیے کہ وہ آپ کی اتباع کرے۔ رسول اکرمؐ کے جاں نثاروں کا عمل یہی رہا ہے۔ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوگا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والدین، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔" (بخاری)

ایک بار رسول اکرمؐ کی خدمت میں کسی صحابیؓ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! میں سچا مومن کب بنوں گا؟" حضور اکرمؐ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ سے محبت کرے گا۔" اس نے عرض کیا: "میرے آقاؐ! یہ محبت اللہ تعالیٰ سے کب ہوگی؟" آپؐ نے فرمایا: "جب تو اس کے رسولؐ سے محبت کرے گا۔" صحابیؓ نے عرض کیا: "اللہ تعالیٰ کے رسولؐ سے میری محبت کب ہوگی؟" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تو ان کے طریقے پر چلے گا، اور ان کی سنت کی پیروی کرے گا، اور ان سے محبت کرنے والوں کے ساتھ محبت کرے گا اور ان سے بغض رکھنے والوں کے ساتھ بغض رکھے گا اور کسی سے محبت کرتے ان کی وجہ سے کرے اور اگر کسی سے عداوت رکھے تو ان کی وجہ سے رکھے۔" پھر آپؐ نے فرمایا: "لوگوں کا ایمان ایک جیسا نہیں، بلکہ جس کے دل میں میری محبت جتنی زیادہ ہوگی، اتنا ہی اس کا ایمان قوی ہوگا۔ اس طرح لوگوں کا کفر بھی ایک جیسا نہیں، بلکہ جس کے دل میں میرے متعلق غضب جتنا زیادہ ہوگا اس کا کفر بھی اتنا ہی بڑا ہوگا۔" اس کے بعد تین مرتبہ یہ فرمایا: "جس شخص کے دل میں میری محبت نہیں اس کا ایمان ہی نہیں۔" (دلائل الخیرات)

رسول اکرمؐ سے محبت کرنے والا وہ ثمرات حاصل کرتا ہے، وہ تو کثیر ہیں، لیکن ہم یہاں صرف چند ایک بیان کرتے ہیں۔ نبی کریمؐ سے محبت کرنے والے کو ایک ثمر یہ ملتا ہے کہ وہ ایمان کی حلاوت پا لیتا ہے۔ جیسا کہ حضرت انس بن مالکؓ سے رسول اکرمؐ نے ارشاد فرمایا: "جس شخص میں یہ تین چیزیں ہوں گی، وہی ایمان کی حلاوت پائے گا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ اسے ہر شے سے بڑھ کر محبوب ہوں، اگر کسی سے محبت کرے تو اللہ کے لیے۔ اے کفر کی جانب نجات کے بعد لوٹنا اس قدر ناپسند ہو، جس طرح آگ میں جانا۔" (صحیح مسلم)

نبی کریمؐ سے محبت کرنے والے کو آخرت میں آپؐ کی رفاقت نصیب ہوگی۔ جیسا کہ احادیث مبارکہ میں تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ رسول کریمؐ نے فرمایا: "تم قیامت کے دن اس کے ساتھ ہو گے جس کے ساتھ تم محبت کرتے ہو۔" رسول کریمؐ کا فرمان ہے: "جس شخص نے میری سنت کو زندہ کیا، اس نے مجھ سے محبت کی اور جس شخص نے مجھ سے محبت کی، وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔"

ہر مخلص مسلمان کو یہ بات سب سے زیادہ محبوب ہے کہ اسے آخرت کی کوئی پریشانی لاحق نہ ہو، جیسے محشر کی گرمی، اللہ تعالیٰ کی ناراضی، جہنم کی بھڑکتی آگ وغیرہ تو رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے والے کو ان تمام پریشانیوں سے نجات مل جاتی ہے۔

اسلام اور احتساب

ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب

اسلام دین فطرت اور ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ اپنے ماننے والوں کو زندگی کے تمام پہلوؤں اور جہتوں کے بارے میں مکمل راہ نمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام کا بنیادی مقصد معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام اور ناانصافی و قانون شکنی کا مکمل خاتمہ ہے۔ اسلامی حکومت کی عمارت اخوت اور مساوات کی بنیادوں پر اٹھائی گئی، اس کی قوت کا انحصار دل کی محبت اور روح کی اطاعت پر تھا۔ حکومت کا آئین و قانون دین کا جزو تصور کیے جاتے تھے اور دین یوں کہ صحابہ کرامؓ کے رگ و پے میں سمایا ہوا تھا، اس لیے یہ ایک نہایت کامیاب اور مثالی حکومت ثابت ہوئی اور یہ مثالی حکومت کیوں نہ ہوتی کہ حضور اکرم ﷺ حکومت کے کارندوں اور حکام کا تقرر خود فرماتے تھے۔ ان کا تقرر ان لوگوں میں سے فرماتے جن کا تقویٰ، زہد اور پاکیزگی مسلم ہوتی اس کے علاوہ وہ عالم اور واعظ بھی ہوتے۔ تقرر سے پہلے آپؐ ان کا علمی اور طرز عمل کا امتحان بھی لیتے تھے۔ جب حضرت معاذؓ کا تقرر فرمایا تو اس سے پہلے ان کی اجتہادی قابلیت کے متعلق اطمینان فرمایا۔ ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب معاذ ابن جبلؓ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا کہ کس چیز سے مقدمات کا فیصلہ کرو گے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس میں وہ فیصلہ تم کو نہ ملے۔ انہوں نے کہا احادیث سے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اگر احادیث میں بھی وہ مسئلہ نہ ملے تو۔ انہوں نے کہا اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ آپ ﷺ نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا فرمایا۔

عامل کا تقرر اس کی اہلیت کی بنیاد پر کیا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی مسلمانوں کا حاکم مقرر ہو اور ان پر کسی کو بلا استحقاق رعایت کے طور پر اختیار دے تو اس پر اللہ کی لعنت، اللہ تعالیٰ اس کا کوئی عذر اور فدیہ قبول نہیں کرے گا، یہاں تک کہ اس کو جہنم میں داخل کرے گا۔ عامل (حاکم) کو عام مسلمان کے مقابلے میں کوئی امتیاز حاصل نہیں تھا، سوائے اس کے کہ اس کی ذمے داریاں زیادہ تھیں۔ قانون کی نظر میں حکم ران اور عام شہریوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ حاکم کو عوام کی بہتری اور آسانیاں پیدا کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت معاذؓ کو یمن کی طرف روانہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرو، دشواری پیدا نہ کرو اور ان کو بشارت دو، ان کو وحشت زدہ نہ کرو، آپس میں اتفاق رکھو اور اختلافات نہ کرو۔"

آپ ﷺ حکم رانوں پر کڑی نظر رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ جب کوئی عامل (حاکم) اپنے دورے سے واپس آتا تو رسول اللہ ﷺ بہ ذات خود اس کا محاسبہ فرماتے۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ نے ایک صحابیؓ کو وصولی کے لیے بھیجا، جب وہ واپس تشریف لائے تو آپ ﷺ نے اس کا محاسبہ فرمایا۔ صحابیؓ نے عرض کیا کہ یہ آپ ﷺ کا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ ملا ہے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: تم کو گھر بیٹھے یہ ہدیہ کیوں نہ ملا؟ پھر ان سے وہ ہدیہ لے کر بیت المال میں جمع کر دیا گیا۔ اس پر بھی تسکین نہ ہوئی۔ آپ ﷺ نے ایک عام خطبہ دیا اور تمام لوگوں کو اس قسم کا مال لینے سے سختی سے منع فرمایا۔ عمال (حکم رانوں) پر کڑی نگرانی اور محاسبے کا عمل خلفائے راشدینؓ کے زمانے میں بھی جاری رہا۔ حضرت عمر فاروقؓ نے ہر ایک عامل (حاکم) کے لیے چند شرائط مقرر کر رکھی تھیں۔ مثلاً عامل ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہوگا، باریک کپڑا نہیں پہنے گا، چھنا ہوا آٹا نہیں کھائے گا، دروازے پر دربان نہیں رکھے گا، ہر حاجت مند کے لیے دروازے ہمیشہ کھلے رکھے گا۔ نیز یہ کہ عامل (حاکم) کے تقرر کے وقت اس کے مال و اسباب (اثاثہ جات) کی فہرست تیار کر کے اپنے پاس محفوظ رکھتے، جب کسی عامل کی مالی حالت میں غیر معمولی اضافہ ہوتا، تو فوراً جائزہ لے کر آدھا مال تقسیم کر کے بیت المال میں جمع کر لیتے۔

تاریخ کی کتب میں یہ واقعہ تحریر ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے عمال کو حکم دیا کہ وہ اپنے اثاثے کی ایک فہرست بنا کر ان کو بھیج دیں۔ انہی عمال میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بھی تھے۔ جب انہوں نے اپنے اثاثوں کی فہرست بنا کر بھیجی تو حضرت عمرؓ نے ان کے مال میں غیر معمولی اضافہ دیکھ کر ان کے مال کے دو حصے کر کے ایک حصہ ان کے لیے چھوڑ دیا اور ایک حصہ بیت المال کے لیے لے لیا۔ (تاریخ الخلفاء)

اگر عامل کے خلاف کوئی عام آدمی بھی شکایت کرتا تو اس کا فوراً ازالہ کیا جاتا۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے شکایت کی کہ آپ کے فلاں عامل نے مجھے بے قصور کوڑے مارے ہیں۔ آپؓ نے تحقیق کرنی جب الزام ثابت ہوا تو حکم دیا کہ مجمع عام میں اس عامل کو کوڑے مارے جائیں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک عادت کریہ بھی تھی کہ عمال کے انتخاب اور تقرری میں اپنے قبیلے کے کسی شخص کو کوئی عہدہ نہیں دیتے تھے۔ اسی طرح ہر عامل کے تقرر کے وقت اسے ایک خط دیا جاتا، جس میں اس کے اختیارات کی تفصیل ہوتی تھی۔ یہاں وہ مقرر ہو کر جاتا تھا، وہاں یہ خط مجمع عام میں پڑھ کر سنایا جاتا کہ کوئی عامل اپنی حدود سے تجاوز نہ کرے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت ایک مثالی دور ہے۔ موجودہ حکم ران بھی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ان سنہری اصولوں پر عمل کر کے پاکستان کو ایک مثالی اور پُرامن ملک بنا سکتے ہیں۔

لڑکی لڑکے کی رشتیداری کے
لیئے ھم سے رابطہ کریں
مزید تفصیلات کے لیئے اس
نمبر پر کال یا واٹس ایپ
کریں
FM MARRIED
BURROW نام ہی کافی
ہے صرف اس نمبر پر رابطہ
03173639927 کریں

کاروباری حضرات کے لیئے خوشخبری

آپ اپنی کاروباری اشتھارات بلکل مناسب ریٹ میں

مندرج ذیل طریقے سے اپنے کاروبار کا نام روشن کریں

ایف ایم یوٹرچوائس واٹس ایپ گروپ کی ہر پی ڈی ایف فائل کی آخر میں اپنا اشتھار لگوائیں لاکھوں واٹس ایپ ممبرز ایک دن میں آپ کا اشتھار پڑھینگے

سندھ کی کسی بھی ریڈیو اسٹیشن پر۔پاکستان کی کسی بھی اخبار یا کسی بھی ٹی وی پر اپنا کاروباری اشتھارات لگوانے / چلوانے کے لیئے ھم سے رابطہ کریں گھر بیٹھے اپنے کاروبار کا نام روشن کریں

مزید معلومات کے لیئے امان اللہ

03053028815#03082969945

ایف ایم ٹی وی فیس بک پیج کو لائک کریں
مزید خبریں لرنگ ویڈیوز دیکھتے رہیں

FM TV
Yesterday at 9:46 PM
like
عرفان بلوچ ڈی آئے جی لاڑکانہ کی پریس کانفرنس
FM TV
FM GROUP W
عرفان بلوچ میڈیا کانفرنس کر رہے ہیں

ایف ایم ٹی کو ملک بہر سے میل فیمیل
رپورٹرز درکار ہیں رابطہ کریں واٹس ایپ یا کال

03082969945

03053028815